www.ustaman.com.pk

روزنامہ
استمان
مستونگ

چیف ایڈیٹر: منیر احمد

جلد نمبر۔ 20 جمعہ 27 نومبر 2026ء 16 جمادی الثانی 1448ھ قیمت 10 روپے۔ شمارہ نمبر 149

Daily USTAMAN ABC Certified E-mail: ustamanmail@gmail.com

کوئٹہ، نوجوان ٹریفک چالانوں سے پریشان

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نوجوانوں اور طلبہ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جناب جسٹس کامران خان ملاخیل اور ایس پی ٹریفک جناب دوستین دشتی سے اپیل کی ہے کہ شہر میں ٹریفک پولیس کی جانب سے جگہ جگہ ناکے لگا کر نوجوانوں اور طلبہ کے روزانہ کی بنیاد پر چالان کرنے کے معاملے کا نوٹس لیا جائے۔ نوجوانوں کا کہنا ہے کہ کوئٹہ میں پہلے ہی کاروباری سرگرمیاں محدود اور روزگار کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

کوئٹہ، قائمقام گورنر بلوچستان عبدالخالق اچکزئی میڈیا پرسنز سے بات چیت کر رہے ہیں

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہیں، میر سرفراز بگٹی

حکومت صحت کی سہولیات کی فراہمی میں بھی بہتری لا رہی ہے اور دور دراز علاقوں کے سرکاری اسپتالوں میں ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں

سیف سٹی منصوبوں پر کام تیز کر دیا گیا ہے، بلوچستان میں پائیدار امن، مؤثر گورننس اور عوامی خدمات کی بہتری کیلئے سول و عسکری ادارے مربوط اقدامات کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام، انتظامی نظام کی بہتری اور عوام کو بنیادی سہولیات کی مؤثر فراہمی کے لیے سول اور عسکری ادارے باہمی اشتراک اور مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات کر رہے ہیں۔ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے امن و استحکام کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو صوبے میں گورننس کے نظام کو مزید مؤثر اور بہتر بنانے کے لیے جاری اقدامات کا جائزہ لینے سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں کمانڈر کوئٹہ کور نے خصوصی شرکت کی، جبکہ صوبائی کابینہ کے ارکان اور مختلف صوبائی محکموں کے سیکرٹریز بھی شریک ہوئے۔ اجلاس کو چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے صوبے میں امن و امان کی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت اور گورننس کے نظام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

☆اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف ادویات کی ٹریک اینڈ ٹریس کے لیے محفوظ ڈیجیٹل ایپلی کیشن کا افتتاح کر رہے ہیں☆

مولانا فضل الرحمان کو گرفتار کیا، نہ ہاؤس اریسٹ، سی سی پی او

لاہور ہائیکورٹ میں مولانا فضل الرحمان کی مبینہ نظر بندی کیخلاف کیس میں پولیس نے جواب جمع کرادیا

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ میں جمعیت علما اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی مبینہ نظر بندی اور بازیابی کے لیے دائر درخواست پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

قیمتی پتھروں کی آمد کیلئے اصلاحات کا فیصلہ

قیمتی پتھروں کے شعبے کی ترقی کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کر رہے ہیں، پاکستان میں قیمتی پتھروں کے وسیع ذخائر موجود ہیں، شہباز شریف

قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ کیلئے پاکستانی ماسٹر ٹرینرز کو سری لنکا اور تھائی لینڈ تربیت کیلئے بھیجا جائے، کان کنی کے فرسودہ طریقہ کار سے یہ بیش قیمتی دولت کا ضیاع ہو رہا ہے، اجلاس سے خطاب

قیمتی پتھروں کی شناخت و سرٹیفکیشن کیلئے بین الاقوامی معیار کی لیبارٹریز کا قیام یقینی بنایا جائے، قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ کیلئے پاکستانی ماسٹر ٹرینرز کو سری لنکا اور تھائی لینڈ تربیت کیلئے بھیجا جائے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت قیمتی پتھروں کے شعبے کی ترقی کیلئے ترجیحی بنیادوں پر بھرپور اقدامات کر رہی ہے، قیمتی پتھروں کی شناخت و سرٹیفکیشن کیلئے بین الاقوامی معیار کی لیبارٹریز کا قیام یقینی بنایا جائے، قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ کیلئے پاکستانی ماسٹر ٹرینرز کو سری لنکا اور تھائی لینڈ تربیت کیلئے بھیجا جائے، حکومت نجی شعبے کو قیمتی پتھروں کی کان کنی اور پراسیسنگ کے حوالے سے سازگار ماحول فراہم کرے گی۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پاکستان میں قیمتی پتھروں کے شعبے کی ترقی، مکمل ویلیو چین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

تربت، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی یونیورسٹی آف تربت میں خطاب کر رہے ہیں

قلعہ عبداللہ، پولیس آپریشن، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد

غیر قانونی اسلحہ سازی اور جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی: حکومت بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایات پر ضلع قلعہ عبداللہ میں جرائم پیشہ عناصر، غیر قانونی اسلحہ سازی، منشیات کے کاروبار اور منظم جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف 21 سے 25 نومبر 2026 تک جامع پولیس آپریشن کیا گیا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ہمیں ہمارے جمہوری حق سے محروم کرنے کی کوشش ہو رہی ہے، مولانا فضل الرحمان

سرگودھا جانے والے تمام راستے بند کر دیے گئے ہیں، سرگودھا میں کرفیو کا سماں ہے، کانفرنس کے پنڈال پر پولیس نے قبضہ کر رکھا ہے

سرگودھا جانے والے راستوں، موٹر ویز، چشمہ، میانوالی، خوشاب اور فیصل آباد کے علاقوں کی بندش اور شہر میں کرفیو جیسی فضا کا دعویٰ

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے پورا ملک جام کرنے کا اعلان کر دیا۔ اپنے ایک ویڈیو بیان میں امیر جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے سرگودھا میں 26 نومبر کی کانفرنس کے انعقاد پر قائم رہنے کا اعلان کیا اور مختلف اطراف سے قافلوں کی آمد کا دعویٰ کیا۔ انہوں نے لاہور میں رہائش گاہ کے مرکزی دروازوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

آبنائے ہرمز میں ہماری کارروائیوں سے امریکا شدید دباؤ میں ہے، ایران

تہران (آن لائن) ایرانی پاسداران انقلاب کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل تحسین مجبی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں پاسداران کی طاقت اور مسلسل نگرانی نے امریکا کو شدید دباؤ میں ڈال دیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، سوئٹزرلینڈ کے سفیر مسٹر سٹیفن رے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کر رہے ہیں

پیٹرولیم قیمتوں میں کمی، کرایوں میں 5 فیصد کمی کا اعلان

کراچی (جی این ایم) ملک میں پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کے بعد گڈز ٹرانسپورٹ نے بھی کرایوں میں کمی کا اعلان کر دیا۔ صدر آل پاکستان گڈز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کسی بھی جماعت یا رہنما کو سیاسی سرگرمیوں سے روکنا قابل قبول نہیں، محمود خان اچکزئی

حکومت اور ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کو یکساں آئینی اور قانونی حقوق فراہم کیے جائیں، بیان

مولانا فضل الرحمان کی نقل و حرکت محدود کرنا اور قائدین کو گرفتار کرنا جمہوری و آئینی حقوق اور سیاسی آزادیوں کے منافی ہے

اسلام آباد (آن لائن) قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی اور قائد حزب اختلاف سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس نے مولانا فضل الرحمان کی آزادانہ نقل و حرکت میں مبینہ رکاوٹوں اور جمعیت علمائے اسلام کے رہنماؤں کی گرفتاریوں پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سیاسی جبر اور پابندیوں کا سلسلہ فوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

گوادر میں کسٹمز کی کارروائی، اسمگلنگ کی کوشش ناکام، 40 ہزار لیٹر اسمگل شدہ ڈیزل برآمد

گوادر (آن لائن) گوادر میں پاکستان کسٹمز کے میرین انفورسمنٹ یونٹ نے سمندر میں کارروائی کرتے ہوئے ڈیزل اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ پاکستان کسٹمز حکام کا کہنا ہے کہ میرین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

پی سی ایس کا امتحان دینے کے مواقع کی تعداد بڑھانے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ کی مصنوعی ذہانت پر مبنی جدید ٹیسٹنگ سسٹم متعارف ہوگا، امتحان سے نتائج تک تمام مراحل 3 ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی مقابلے کے امتحانات میں شرکت کے مواقع 3 سے بڑھا کر 6 کرنے کی ہدایت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

قلات، کار اور رکشے میں تصادم، دو خواتین سمیت چار افراد زخمی

زخمیوں کو ڈی ایچ کیو اسپتال قلات میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا، پولیس ذرائع

قلات (آن لائن) قلات کے علاقے ژیالو کے قریب قومی شاہراہ پر کار اور رکشے کے درمیان تصادم کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

مصر، پیٹرولیم مصنوعات سے بھری گاڑی کو خوفناک حادثہ، 31 افراد جاں بحق، 21 زخمی

قاہرہ، اسلام آباد (جی این ایم) مصر کے شہر جیزہ کے علاقے الوراق میں رنگ روڈ پر پیٹرولیم مصنوعات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

کوئٹہ، سابق چیئرمین سینٹ رکن صوبائی اسمبلی میر صادق سنجرانی سے ایم پی اے جہانزیب مینگل، عارف بازئی، میر مراد علی ریکی، کلیم بازئی، میر عبداللہ، محب اللہ اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد بلدیاتی انتخابات کا انعقاد روکنے کے حکم امتناع میں 2 ہفتے کی توسیع

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات روکنے کے حکم امتناع میں 2 ہفتے کی توسیع کر دی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ایسا لگ رہا ملک میں معاشی بحران بہتر ہونے کے بجائے مزید بڑھے گا، بلاول بھٹو

معاشی طور پر ہمیں مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑیگا، عالمی سطح پر جو حالات ہیں اس میں جلد بہتری نظر نہیں آرہی، میڈیا سے گفتگو

سیاستدانوں کی ذمہ داری ہے کہ عوام پر معاشی بوجھ کم کرنے کیلئے کام کریں، سسٹم کو اس قابل بنانا ہوگا کہ حالات کا مقابلہ کرسکیں

ملتان (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ایسا لگ رہا ہے معاشی بحران بہتر نہیں ہوگا، مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، معاشی طور پر ہمیں مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا، عالمی سطح پر جو حالات ہیں اس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

مفتی اویس گرفتاری کیس، جسمانی ریمانڈ پر فیصلہ محفوظ

ملزم بھاگ کر کچہری کے باہر روڈ پر گیا تو ٹرک نے ٹکر ماردی، جج ابوالحسنات کا وکیل سے مکالمہ

اسلام آباد (جی این ایم) انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ابوالحسنات نے مفتی اویس گرفتاری کیس میں وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ میرے والد جج تھے، ان کی عدالت میں فیصلے سے قبل ایک ملزم بھاگ گیا، ملزم بھاگ کر کچہری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

حکومت کا پی ٹی آئی کے بغیر انتخابی اصلاحات کمیٹی تشکیل دینے کا عندیہ

اسلام آباد (آن لائن) انتخابی اصلاحات کمیٹی کی تشکیل پر حکومت اور پی ٹی آئی میں ڈیڈلاک برقرار ہے، حکومت نے پی ٹی آئی کے بغیر انتخابی اصلاحات کمیٹی تشکیل دینے کا عندیہ دیدیا۔ حکومتی چیف وہپ طارق فضل چودھری اور اپوزیشن چیف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

خالق اچکزئی کی پاکستانی خلاباز کو کامیاب خلائی مشن پر مبارکباد

پاکستان اور بلوچستان محفوظ ہاتھوں میں ہیں، دہشت گردوں کی کمر توڑ دی گئی ہے، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے پاکستان کے پہلے خلاباز محمد ذیشان علی کو چین کے تعاون سے کامیاب خلائی سفر پر اہل بلوچستان کی جانب سے مبارکباد پیش کی ہے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان محفوظ ہاتھوں میں ہیں، جبکہ سیکیورٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

پشین، نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، 22 سالہ نوجوان جاں بحق

مقتول کی شناخت جمشید خان کے نام سے ہوئی ہے، واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئیں، پولیس

پشین (آن لائن) پشین کے علاقے کلی خدائیداد زئی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے بائیس سالہ نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق مقتول کی شناخت جمشید خان کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ فائرنگ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس نے لاش کو ضروری کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر کے واقعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، محسن نقوی

وفاقی وزیر داخلہ کا بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو زبردست الفاظ میں سراہا ہے۔ وزارت سے جاری بیان کے مطابق وزیر داخلہ نے 12 خوارجیوں کو جہنم رسید کرنے پر سکیورٹی فورسز کی جرات اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سال 2026-27 کے لیے گندم کی درآمد سے متعلق اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان، سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، فتنہ الہندوستان کے 12 دہشتگرد ہلاک

صدر اور وزیراعظم کا بھارتی پشت پناہی میں سرگرم دہشتگردوں کیخلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر فورسز کو خراج تحسین

نوشکی میں کارروائی کے دوران 8 دہشت گرد ہلاک ہوئے، ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا

نوشکی/خیبر/راولپنڈی/اسلام آباد (آن لائن) بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے نتیجے میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے 16 دہشتگرد مارے گئے جن میں انتہائی مطلوب خارجی تمیم عرف رف بھی شامل ہے جبکہ صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

چین و پاکستان بیرونی خلا کے چیمپئن بن گئے، اقوام متحدہ میں چینی مندوب کی مبارکباد

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ میں چینی مندوب فو کونگ نے پاکستانی خلا باز کو شین ژو 24- مشن میں شمولیت پر دلی مبارکباد پیش کر دی۔ اپنے بیان میں چینی مندوب فو کونگ نے کہا ہے کہ انسانی خلائی پروگرام میں یہ چین اور کسی بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

دکی میں پریشر ککر پھٹنے سے خاتون اور بچے سمیت 3 افراد زخمی

زخمیوں کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا، تمام افراد کی حالت خطرے سے باہر، اسپتال ذرائع

دکی (آن لائن) دکی کے علاقے شادوزئی محلے میں ایک گھر میں پریشر ککر پھٹنے کے واقعے میں خاتون اور دو سالہ بچے سمیت تین افراد زخمی ہوگئے۔ اسپتال ذرائع کے مطابق واقعے کے بعد زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ زخمیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

دہشتگردوں کیخلاف فورسز کی کارروائیاں قابل تحسین ہیں، صدر

فتنہ الہندوستان اور بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کے لیے ناگزیر ہے

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بھارتی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جمعرات کو جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے دہشت گردوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

لیبیا کے قریب تارکین وطن کی کشتی کو حادثہ، 35 پاکستانیوں سمیت 70 مسافر لاپتا

لاپتا ہونیوالوں میں بڑی تعداد پاکستانی شہریوں کی ہے جو غیر قانونی طور پر بحیرہ روم کے راستے یورپ جا رہے تھے، رپورٹ

سمندر میں کشتی ڈوبنے کے اس واقعے کے بعد لاپتا ہونیوالے افراد کی تلاش کے لیے امدادی کارروائیاں شروع کر دی گئیں

طرابلس (آن لائن) لیبیا کے ساحل کے قریب تارکین وطن کی ایک کشتی کو پیش آنے والے حادثے کے نتیجے میں 35 پاکستانی شہریوں سمیت تقریباً 70 مسافر لاپتا ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سمندر میں کشتی الٹنے یا ڈوبنے کے اس واقعے کے بعد لاپتا ہونے والے افراد کی تلاش کے لیے امدادی کارروائیاں شروع کر دی گئیں تاہم تیز لہروں اور سمندری موسم کے باعث تلاش کے عمل میں دشواریوں کا سامنا ہے۔ حادثے میں لاپتا ہونے والوں میں بڑی تعداد پاکستانی شہریوں کی بتائی جا رہی ہے جو غیر قانونی طور پر بحیرہ روم کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)



اسلام آباد، پاکستان میں کینیڈا کے ہائی کمشنر ڈاکٹر طارق علی خان وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ سے ملاقات کر رہے ہیں

جناح ہاؤس حملہ کیس، فلک جاوید کی ضمانت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

لاہور (جی این ایم) لاہور میں جناح ہاؤس حملہ کیس میں سوشل میڈیا ایکٹوسٹ فلک جاوید کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے فلک جاوید کی ضمانت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ فلک جاوید کے وکیل ضمانت پر دلائل کیلئے پیش ہوئے، فلک جاوید کے وکیل اظہر سلہری ایڈووکیٹ نے ضمانت پر دلائل مکمل کئے، سرکاری وکیل نے ضمانت پر اپنے دلائل مکمل کر لئے، پراسیکیوشن نے ملزمہ کی حد تک مقدمہ کا ریکارڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

ادارے مضبوط ہونگے تو سب چیزیں ٹھیک ہونگی، فیصل کنڈی

وینٹی لیٹرز پر نہیں چل سکتے خیبرپختونخوا میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جا رہا ہے، گورنر کے پی

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جا رہا ہے، صوبے کی صلاحیتوں کو عوامی خوشحالی میں بدلنا ہدف ہے، ادارے مضبوط ہونگے تو سب چیزیں ٹھیک ہوں گی، وینٹی لیٹرز پر نہیں چل سکتے۔ فیصل کریم کنڈی نے پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خیبرپختونخوا پولیس کی استعداد کار بڑھائی جا رہی ہے، پولیس کی تنخواہوں اور شہدا پیکج کو مزید بہتر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

سعودی آئل ریفائنری پر حملے، خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ

برینٹ خام تیل کی قیمت 10 سینٹ یا 0.1 فیصد اضافے کے بعد 94.71 ڈالر فی بیرل ہوگئی

واشنگٹن (جی این ایم) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا، جس کی وجہ مشرق وسطیٰ میں تیل کی فراہمی متاثر ہونے کے خدشات اور آبنائے ہرمز میں جہازوں پر مبینہ بارودی سرنگوں کے حملے بتائے جا رہے ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایشیائی تجارت کے ابتدائی سیشن میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ یمن کے حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب کی سب سے بڑی آئل ریفائنری کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

انتخابی اصلاحات کمیٹی کی تشکیل، حکومت اور پی ٹی آئی مذاکرات بے نتیجہ ختم

پی ٹی آئی کے غیر ذمہ دارانہ رویے کی وجہ سے کمیٹی کی تشکیل کو غیر معینہ مدت تک التوا میں نہیں رکھا جا سکتا، طارق فضل چوہدری

وفاقی حکومت نے پاکستان تحریک انصاف کی عدم شمولیت کی صورت میں بھی پارلیمانی کمیٹی تشکیل دینے کا عندیہ دیدیا، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) پارلیمانی کمیٹی برائے انتخابی اصلاحات کی تشکیل کے معاملے پر حکومت اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے درمیان ایک اور ملاقات بے نتیجہ ختم ہوگئی، حکومت نے پی ٹی آئی کی عدم شمولیت کی صورت میں بھی پارلیمانی کمیٹی تشکیل دینے کا عندیہ دے دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومتی چیف وہپ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور اپوزیشن چیف وہپ عامر ڈوگر کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں انتخابی اصلاحات سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل اور اس میں پی ٹی آئی کی شمولیت کے معاملے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

امریکا میں پاکستان کے سفیر کی شکاگو یونیورسٹی میں پاکستان سمٹ میں شرکت

واشنگٹن (آن لائن) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے شکاگو یونیورسٹی میں طلبہ کی جانب سے پہلی مرتبہ منعقدہ پاکستان سمٹ کے موقع پر خصوصی نشست میں طلبہ، ماہرین تعلیم اور ابھرتی ہوئی قیادت سے تبادلہ خیال کیا۔ سفارت خانے سے جاری بیان کے مطابق اس موقع پر سفیر نے پاکستان کی خارجہ پالیسی، پاک امریکا تعلقات اور ابھرتے ہوئے اقتصادی مواقع کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)



چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی کے ہمراہ لاہور بار ایسوسی ایشن اور لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نمائندوں کا گروپ فوٹو

روزنامہ اُستمان مستونگ
چیف ایڈیٹر: منیر احمد

پبلشر شعیب احمد چیف ایڈیٹر منیر احمد نے انڈس پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر آفس روزنامہ اُستمان مستونگ کیلون روڈ یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فلیٹ نمبر 204 سے شائع کیا۔
موبائل نمبر۔ 0333-7999560 فون نمبر۔ 081-2443797

سیاسی قیادت سے اسٹیبلشمنٹ تک

ملک میں ان دنوں ”ریفرنڈم“ کی بات ہو رہی ہے- ہر دکان، مکان اور چوک چوراہے میں اس کا چرچا ہے- سیاسی قیادت سے اسٹیبلشمنٹ تک، تجزیہ کار اور ناقدین بھی، سب اس پر بات کر رہے ہیں- اپنا اپنا نقطہ نظر بیان کر رہے ہیں- یہ آراء وزن بھی رکھتی ہیں- جب سے یہ بحث چلی ہے باقی تمام بحثیں پیچھے چلی گئی ہیں- نیشنل نیوز چینلز کے ہر ٹاک شو کا 90 فیصد حصہ اسی بحث پر مبنی ہوتا ہے- ریفرنڈم (Referendum) کا مطلب یا معنی استصواب رائے یا عوامی رائے شماری کے ہیں- جس کے ذریعے کسی اہم قومی، آئینی یا پالیسی میٹر پر براہ راست رجسٹرڈ ووٹرز سے رائے لی جاتی ہے- کسی نئے قانون، آئینی ترمیم، قومی پالیسی کی منظوری یا اسے مسترد کیے جانے کے لیے ووٹنگ کرانے کے اس عمل کو ریفرنڈم کہتے ہیں- کوئی بڑا سیاسی فیصلہ کرنا ہو یا کسی فوری ایشو پر کوئی سوال بنتا ہو جس میں عوامی رائے کا لینا مقصود ہو تو عوام سے براہ راست رجوع کیا جا سکتا ہے- جس کا طریقہ ”ریفرنڈم“ کے ذریعے طے کر دیا گیا ہے- آئین میں ریفرنڈم کا ہونا اور اس کے انعقاد کا پورا طریقہ کار درج ہے- جس سے کوئی بھی انحراف نہیں کر سکتا، نہ اس سے پہلو تہی کی جا سکتی ہے- آئین کے آرٹیکل 48(6) میں قومی اہمیت کے کسی بھی معاملے پر ریفرنڈم کا طریقہ کار موجود ہے- ریفرنڈم کو اردو میں استصواب رائے کہا جاتا ہے- یہ ایسا جمہوری عمل ہے جس میں ملک کے تمام ووٹرز کو براہ راست اپنی رائے دینے اور ووٹ ڈالنے کا موقع دیا جاتا ہے- عام انتخابات میں تو لوگ اپنے نمائندے چنتے ہیں لیکن ریفرنڈم میں لوگ براہ راست کسی فیصلے کے حق یا مخالفت میں ووٹ ڈالتے ہیں- بعض ممالک میں ریفرنڈم کا نتیجہ ماننا قانونی طور پر لازم ہے جبکہ بعض صورتوں میں یہ مشاورتی (Advisory) نوعیت کا بھی ہو سکتا ہے- ریفرنڈم میں عموماً ایک واضح سوال دیا جاتا ہے کہ عوامی رائے کی اکثریت سوال کے حق میں ہے یا مخالفت میں- اگرچہ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے ایک آئینی طریقہ کار موجود ہے- لیکن سیاسی جماعتوں کی چپقلش اور اختلافات کے تناظر میں ریفرنڈم کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا ہے جو اگرچہ زیر غور ہے، اس پر کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا- تاہم ہر جگہ، ہر مقام پر پوری شدت سے اس پر بات ہو رہی ہے- تاثر یہ بھی سامنے آ رہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ لوگوں کے مسائل کو حل کرنے میں دلچسپی رکھتی ہے، جس کے لیے نئے صوبوں کا قیام چاہتی ہے تاکہ اس کے لیے آسانیاں پیدا کی جا سکیں اور نظام صحیح سمت کی طرف اپنا سفر شروع کر سکے- پاکستان کا انتظامی ڈھانچہ چار اکائیوں پر مشتمل ہے اور قیام پاکستان سے لے کر اب تک جوں کا توں موجود ہے- جبکہ ملک کی آبادی قریباً سات گنا بڑھ چکی ہے- مردم شماری کے مطابق 2023ء میں یہ آبادی 24 کروڑ 10 لاکھ تھی جو تجاوز کر کے اب قریباً 26 کروڑ کے قریب پہنچ چکی ہے- اس غیر متوازن انتظامی ڈھانچے کے باعث اختیارات چند مخصوص سیاسی اور معاشی حلقوں یا طبقوں تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں- حالانکہ ملک کی آبادی بہت بڑھ چکی ہے- جس سے انتظامی مرکز متاثر ہیں اور سرکاری خدمات میں بھی کمزوریاں سامنے آ رہی ہیں- اس وقت پنجاب کی آبادی قریباً 12 کروڑ 88 لاکھ ہے جو پاکستان کی مجموعی آبادی کا 52.87 فیصد ہے- صوبے کا انتظامی مرکز لاہور ہے- سندھ کی آبادی 5 کروڑ 57 لاکھ نفوس پر مشتمل ہے- خیبر پختونخوا قریباً 4 کروڑ 9 لاکھ اور بلوچستان ایک کروڑ 94 لاکھ آبادی والے صوبے ہیں- ہزارہ اور جنوبی پنجاب جیسے نئے صوبوں کے قیام کے مطالبات کئی مرتبہ سامنے آ چکے ہیں اور متعلقہ صوبائی اسمبلیوں میں اس حوالے سے قراردادیں منظور ہو چکی ہیں لیکن آئین کے آرٹیکل 239(4) کے تحت متعلقہ صوبائی اسمبلیوں میں دو تہائی اکثریت کی شرط کے باعث یہ معاملات آگے نہیں بڑھ سکے- اس کی بنیادی وجہ محض مالیاتی خدشات نہیں بلکہ اشرافیہ کا اپنے سیاسی اور انتظامی اختیارات پر قبضہ برقرار رکھنے کا مفاد ہے- نئے صوبوں کے قیام سے لازم ہے سیاسی سرپرستی، سرکاری ملازمتوں، ترقیاتی فنڈز اور موروثی سیاسی اثر و رسوخ پر ان کا کنٹرول کم ہو سکتا ہے- وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سیاسی جماعتوں کی اس خاموشی کو توڑتے ہوئے انتظامی ڈھانچے کی ازسرنو تشکیل کے لیے ”ریفرنڈم“ کو عوامی مینڈیٹ حاصل کرنے کا واضح ترین ذریعہ قرار دیا ہے- انہوں نے کہا ہے بڑھتی ہوئی آبادی کو موجودہ انتظامی ڈھانچے کے ذریعے موثر انداز میں سنبھالنا ممکن نہیں رہا- اگر انتظامی تبدیلیاں نہ کی گئیں تو ملک غیر معینہ مدت تک اسی صورت حال میں پھنسا رہے گا جس میں وہ آج ہے اور جس سے وہ گزر رہا ہے- محسن نقوی نے ریفرنڈم کو اس مسئلے کا بہترین حل قرار دیا- ان کے مطابق تمام سیاسی جماعتیں جمہوریت اور عوامی بالادستی کی بات کرتی ہیں، لہٰذا عوام کو خود فیصلہ کرنے کا موقع دیا جانا چاہیے- عوام نئے صوبوں کے حق میں فیصلہ دیتے ہیں تو اس عمل کو آگے بڑھنا چاہیے- ان کے مطابق سیاستدانوں کی رائے سے زیادہ اہم عوام کی رائے ہے- نئے صوبوں کے قیام سے ثقافتی شناخت متاثر نہیں ہو گی- پنجابی، پنجابی ہی رہے گا اور سندھی، سندھی- میریڈیشن انسٹی ٹیوٹ کے نیشنل بیرومیٹر 2026ء کے مطابق 77 فیصد افراد نئے صوبوں کے قیام کے حامی ہیں جبکہ نومبر 2022ء میں یہ شرح 54 فیصد تھی- یعنی نئے صوبوں کے عوامی حمایت میں 23 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ہوا- اس سروے کے دوران 5000 افراد کی رائے حاصل کی گئی- چاروں صوبوں میں نئے صوبوں کے قیام کی حمایت 70 فیصد سے زیادہ رہی- سندھ میں 80 فیصد، پنجاب میں 78 فیصد، خیبر پختونخوا میں 75 جبکہ بلوچستان میں نئے صوبوں کے حق میں 72 فیصد رائے پائی گئی- حکمرانی اور انتظامی بہتری کے حوالے سے بھی دو سروے سامنے آئے ہیں- جن کے مطابق 75.52 فیصد افراد نے نئے صوبوں کی حمایت کی جبکہ 72.48 فیصد نے کہا نئے صوبوں کے قیام سے حکمرانی کے مسائل حل کرنے میں مدد ملے گی- انتظامی امور بھی بہت بہتر ہو جائیں گے- صرف لاہور میں جو سروے کیا گیا اُس میں 70 فیصد افراد کا خیال تھا کہ نئے صوبوں سے حکمرانی کا نظام بہتر ہو گا جس سے عوام میں آسودگی آئے گی- کراچی میں ہونے والے سروے میں بھی لوگوں نے کھل کر اظہار کیا- 18 سے 29 سال کے نوجوانوں کی 82 فیصد اکثریت نے نئے صوبوں کے قیام پر اپنی حمایت ظاہر کی- لاہور میں اقامت پذیر 70 فیصد افراد نے نئے صوبوں پر اپنی حمایت کا اظہار کیا- 24 نیوز ایچ ڈی چینل کے مطابق ملک بھر میں یہ حمایت 84.8 فیصد رہی- جیو نیوز نے بھی جو سروے کرایا اُس میں حمایت 75 فیصد سامنے آئی- اس طرح دیگر پلیٹ فارمز سے بھی جو سروے کیے گئے اُس سے یہی اندازہ ہوتا ہے کہ پاکستان کے لوگ نئے صوبوں کے حق میں ہیں- بہتر انتظامی امور اور عوامی مسائل کے حل کے لیے نئے صوبوں کا قیام چاہتے ہیں- تمام اعداد و شمار عوامی حمایت کے وسیع رجحان کی نشاندہی کرتے ہیں جبکہ نیشنل بیرومیٹر بھی ظاہر کرتا ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ نئے صوبوں کے قیام کی حمایت میں اضافہ ہوا ہے- اس کے باوجود حیرت انگیز بات یہ ہے کہ جن سیاستدانوں کی بنیادی ذمہ داری عوام کی نمائندگی کرنا ہے وہ اس معاملے پر بڑی حد تک خاموش ہیں اور اس معاملے سے روگردانی کر رہے ہیں-

---

عالمی طاقتوں کی نئی بساط

دنیا کی تاریخ میں بعض ملاقاتیں محض سفارتی سرگرمیاں نہیں ہوتیں بلکہ آنے والے زمانوں کی سیاسی سمت متعین کرنے والے رجحانات کی علامت بن جاتی

تحریر: منیر احمد

ہیں۔ 19 نومبر 2026 کو چین کے شہر شین ژین میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، چینی صدر شی جن پنگ اور روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی تاریخی سہ فریقی ملاقات بھی اسی تناظر میں غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔ ایشیا پیسیفک اقتصادی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کے موقع پر ہونے والی اس ملاقات نے عالمی سیاست میں ایک بنیادی سوال کو پھر زندہ کر دیا ہے کہ کیا دنیا ایک نئے بین الاقوامی نظام کی طرف بڑھ رہی ہے، جہاں امریکہ کی روایتی بالادستی کے مقابلے میں چین اور روس زیادہ موثر کردار ادا کریں گے، یا بڑی طاقتیں اپنے اختلافات کے باوجود عالمی استحکام کے لیے تعاون کا کوئی نیا راستہ تلاش کریں گی۔۔۔؟

اس ملاقات کی اہمیت کا اندازہ اس حقیقت سے لگایا جا سکتا ہے کہ دنیا کی تین بڑی ایٹمی طاقتوں کے سربراہان پہلی مرتبہ اس نوعیت کے مشترکہ اجلاس میں شریک ہوئے۔ تقریباً نوے منٹ جاری رہنے والی اس نشست کے اختتام پر چار نکاتی مشترکہ اعلامیہ جاری کیا گیا جس میں اقوام متحدہ کی اصلاحات، عالمی توانائی کی فراہمی، بین الاقوامی عدالتوں کے دائرہ اختیار اور ایٹمی جنگ کے خطرات کم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ تاہم اس غیر معمولی سفارتی پیش رفت کے باوجود یوکرین کی جنگ، ایران کے بحران، امریکہ اور چین کی تجارتی کشیدگی اور ایٹمی ہتھیاروں میں کمی کے حوالے سے کوئی جامع اور قابل نفاذ معاہدہ سامنے نہیں آیا۔ یہی ان مذاکرات کی سب سے اہم حقیقت ہے کہ سفارتی رابطوں میں پیش رفت ضرور ہوئی، لیکن بنیادی عالمی تنازعات اپنی جگہ موجود ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس ملاقات کو 1945 کی تاریخی یالٹا کانفرنس سے بھی زیادہ اہم قرار دیا۔ یالٹا وہ کانفرنس تھی جس میں دوسری عالمی جنگ کے اختتامی مرحلے پر امریکہ، برطانیہ اور سوویت یونین کے رہنماؤں نے جنگ کے بعد یورپ اور عالمی انتظام سے متعلق اہم فیصلوں پر گفتگو کی تھی۔ تاہم شین ژین اور یالٹا کا موازنہ کرتے ہوئے ایک بنیادی فرق پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ یالٹا ایک عالمی جنگ کے اختتام پر منعقد ہوئی تھی، جبکہ شین ژین کی ملاقات ایسے دور میں ہوئی جب عالمی طاقتوں کے درمیان معاشی مسابقت، علاقائی جنگیں اور تکنیکی برتری کی کشمکش جاری ہے۔ اس لیے موجودہ مذاکرات کو دنیا کی نئی تقسیم کا حتمی فیصلہ سمجھنا قبل از وقت ہوگا۔

بین الاقوامی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق اس اجلاس نے بڑی طاقتوں کی سفارت کاری میں براہِ راست مذاکرات کی اہمیت تو اجاگر کی، لیکن اس کے عملی نتائج محدود رہے۔ امریکی صدر نے ملاقات کو غیر معمولی کامیابی قرار دیا، جبکہ روسی صدر نے تسلیم کیا کہ مشترکہ اعلامیے میں کوئی بہت بڑے اہداف مقرر نہیں کیے گئے اور اس کی پابندی لازمی نہیں۔ چین نے اس اجلاس کو عالمی استحکام اور بڑی طاقتوں کے درمیان تعاون کی ضرورت کے تناظر میں پیش کیا۔ تینوں رہنماؤں کے ان مختلف موقفوں سے واضح ہوتا ہے کہ ایک ہی سفارتی واقعے کو ہر ملک اپنے قومی مفادات کے مطابق دیکھ رہا ہے۔

امریکہ اور چین کے تعلقات اس نئی عالمی کشمکش کا مرکزی محور ہیں۔ امریکہ اب بھی عالمی مالیاتی نظام، جدید ٹیکنالوجی، عسکری صلاحیت اور بین الاقوامی اداروں میں نمایاں اثر و رسوخ رکھتا ہے، جبکہ چین صنعتی پیداوار، عالمی تجارت، بنیادی ڈھانچے اور تکنیکی ترقی کے میدان میں اپنی حیثیت مستحکم کر چکا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان مصنوعی ذہانت، جدید سیمی کنڈکٹرز، اہم معدنیات، تجارتی محصولات اور سپلائی چین پر اختلافات محض اقتصادی نوعیت کے نہیں بلکہ مستقبل کی عالمی طاقت کے توازن سے بھی متعلق ہیں۔ چین اپنی ترقی کے لیے بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی چاہتا ہے، جبکہ امریکہ حساس ٹیکنالوجی اور صنعتی شعبوں میں اپنی برتری برقرار رکھنے کو قومی سلامتی سے منسلک کرتا ہے۔

روس کے لیے اس ملاقات کی اہمیت ایک مختلف زاویے سے تھی۔ یوکرین کی جنگ اور مغربی پابندیوں کے باعث ماسکو کے مغربی ممالک کے ساتھ تعلقات شدید کشیدگی کا شکار رہے ہیں۔ ایسے ماحول میں امریکی اور چینی صدور کے ساتھ مشترکہ اجلاس میں روسی صدر کی شرکت سفارتی لحاظ سے اہم واقعہ تھی۔ روس اس ملاقات کے ذریعے عالمی سلامتی اور علاقائی تنازعات سے متعلق مذاکرات میں اپنے کردار کو نمایاں کرنا چاہتا تھا۔ تاہم یوکرین کی جنگ کے بنیادی مسائل، خصوصاً مقبوضہ علاقوں کی حیثیت، جنگ بندی کی شرائط، یوکرین کی خودمختاری اور مستقبل کی سلامتی کی ضمانتوں پر اختلافات برقرار ہیں۔ اس صورتحال نے یورپی ممالک میں بھی تشویش پیدا کی۔ جرمنی سمیت متعدد یورپی رہنماؤں نے واضح کیا کہ یوکرین اور یورپ کے مستقبل سے متعلق فیصلے ان کی موثر شرکت کے بغیر نہیں ہونے چاہییں۔ یہ موقف بین الاقوامی سیاست کے ایک اہم اصول کی یاد دہانی کراتا ہے کہ بڑی طاقتوں کے درمیان مفاہمت اسی وقت پائیدار ثابت ہو سکتی ہے جب اس سے براہِ راست متاثر ہونے والی ریاستوں کے جائز مفادات اور خودمختاری کا احترام کیا جائے۔ عالمی امن محض طاقتور ممالک کے درمیان سمجھوتے کا نام نہیں بلکہ ایسے انتظام کا تقاضا کرتا ہے جسے متعلقہ فریق قابل قبول سمجھیں۔

شین ژین مذاکرات کا سب سے حساس پہلو ایٹمی ہتھیاروں کا مستقبل تھا۔ فروری 2026 میں امریکہ اور روس کے درمیان نیو اسٹارٹ معاہدے کی مدت ختم ہونے کے بعد عالمی اسلحہ کنٹرول کے نظام کو ایک اہم چیلنج کا سامنا ہے۔ امریکہ اور روس دنیا کے سب سے بڑے ایٹمی ذخائر رکھتے ہیں، جبکہ چین اپنی ایٹمی صلاحیت میں اضافہ کر رہا ہے۔ امریکہ مستقبل کے اسلحہ کنٹرول مذاکرات میں چین کی شمولیت چاہتا ہے، لیکن بیجنگ اپنے نسبتاً محدود ذخیرے اور امریکہ و روس کی کہیں زیادہ بڑی ایٹمی صلاحیت کے فرق کو اہم قرار دیتا رہا ہے۔ اس تناظر میں تینوں ممالک کا یہ اصول تسلیم کرنا کہ ایٹمی جنگ جیتی نہیں جا سکتی اور اسے کبھی لڑا نہیں جانا چاہیے، تینوں ممالک نے پیٹرولیم مصنوعات کی پیداوار اور فراہمی بڑھانے اور توانائی کی ترسیل مستحکم رکھنے کی اہمیت تسلیم کی۔ اس اتفاق کا پس منظر یوکرین اور ایران کی جنگوں سے پیدا ہونے والی بے یقینی ہے۔ چین توانائی کا بڑا درآمد کنندہ، روس تیل اور گیس کا اہم برآمد کنندہ اور امریکہ عالمی توانائی و مالیاتی نظام میں نمایاں کردار رکھنے والا ملک ہے۔ ان کے درمیان تعاون عالمی منڈیوں کے لیے اہم ہو سکتا ہے، لیکن توانائی کی فراہمی بڑھانے کے لیے کسی واضح عملی منصوبے، مقدار یا نظام الاوقات کا اعلان نہیں ہوا۔ اس لیے مشترکہ اعلامیے کو عالمی توانائی کے بحران کے فوری حل کے طور پر پیش کرنا درست نہیں ہوگا۔

ان مذاکرات میں اقوام متحدہ کی اصلاحات اور بین الاقوامی عدالتوں کے اختیارات کا معاملہ بھی قابل توجہ ہے۔ تینوں ممالک نے عالمی ادارے کی موثریت بڑھانے کی ضرورت تسلیم کی، لیکن سلامتی کونسل کی نمائندگی، ویٹو کے اختیار اور اصلاحات کے عملی طریقہ کار پر کوئی تفصیلی منصوبہ پیش نہیں کیا۔ اسی طرح ریاستی عہدیداروں کے قانونی استثنا اور بین الاقوامی فوجداری عدالت کے دائرہ اختیار سے متعلق مشترکہ موقف نے عالمی احتساب اور ریاستی خودمختاری کے درمیان موجود بحث کو مزید نمایاں کیا ہے۔ یہ سوال اپنی جگہ اہم ہے کہ اگر عالمی اداروں کے فیصلوں پر طاقتور ممالک کا اثر و رسوخ غیر معمولی رہے تو چھوٹی ریاستوں کے حقوق اور بین الاقوامی قانون کی یکساں عمل داری کیسے یقینی بنائی جائے گی۔۔۔؟

اس اجلاس کا ایک دلچسپ پہلو یہ بھی تھا کہ بڑی طاقتوں کے مذاکرات کے ساتھ درمیانے درجے کی عالمی طاقتیں اپنی الگ سفارتی حکمت عملی اختیار کرتی دکھائی دیں۔ رپورٹ کے مطابق کینیڈا نے چین اور جنوب مشرقی ایشیا کے ساتھ اقتصادی روابط بڑھانے کی کوششیں جاری رکھیں، جبکہ جاپان نے خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ تعاون کو اہمیت دی۔

پاکستان کے لیے اس بدلتے ہوئے منظرنامے میں کئی اہم سفارتی اور اقتصادی پہلو موجود ہیں۔ چین پاکستان کا دیرینہ اسٹریٹیجک شراکت دار ہے اور چین پاکستان اقتصادی راہداری دونوں ممالک کے تعلقات کا اہم حصہ ہے۔ امریکہ پاکستان کی برآمدات، تجارت اور بین الاقوامی اقتصادی روابط میں نمایاں اہمیت رکھتا ہے، جبکہ روس کے ساتھ توانائی، تجارت اور علاقائی رابطوں کے امکانات موجود ہیں۔ پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ بڑی طاقتوں کے درمیان مسابقت کو محض سیاسی وابستگی کے زاویے سے دیکھنے کے بجائے اپنی اقتصادی ضروریات، قومی سلامتی اور طویل مدتی ترقی کے تناظر میں سمجھے۔

پاکستان کی جغرافیائی اہمیت اپنی جگہ مسلمہ ہے، لیکن موجودہ عالمی نظام میں صرف محلِ وقوع ترقی کی ضمانت نہیں۔ اصل اہمیت مضبوط معیشت، صنعتی پیداوار، جدید ٹیکنالوجی، ہنرمند افرادی قوت، موثر اداروں اور خارجہ پالیسی کے تسلسل کی ہے۔ اگر پاکستان چین کے ساتھ صنعتی تعاون کو وسعت دے، امریکہ کے ساتھ تجارت اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں روابط مضبوط کرے اور روس و وسطی ایشیا کے ساتھ توانائی اور علاقائی تجارت کے قابلِ عمل منصوبے آگے بڑھائے تو عالمی تبدیلیوں سے اقتصادی فوائد حاصل کرنے کے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔ یہاں یہ امر بھی قابلِ غور ہے کہ عالمی طاقتوں کی باہمی مفاہمت ہمیشہ چھوٹے ممالک کے مفادات کے تحفظ کی ضمانت نہیں ہوتی۔ پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک کے لیے ایک موثر اور اصولی بین الاقوامی نظام زیادہ اہم ہے، جہاں ریاستوں کی خودمختاری، اقتصادی مواقع اور تنازعات کے پُرامن حل کے لیے یکساں اصول موجود ہوں۔

اسی لیے پاکستان کی سفارت کاری کو بڑی طاقتوں کے ساتھ تعلقات کے ساتھ ساتھ اقوام متحدہ، علاقائی تنظیموں اور کثیرالجہتی اقتصادی اداروں میں بھی فعال کردار ادا کرنا چاہیے۔ شین ژین مذاکرات کے نتائج کا غیر جانب دارانہ جائزہ لیا جائے تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ اجلاس نے عالمی طاقتوں کے درمیان براہِ راست رابطے اور بعض مشترکہ اصولوں پر اتفاق کی راہ ہموار کی، لیکن بڑے تنازعات کے حل کے لیے مطلوبہ عملی اقدامات ابھی سامنے نہیں آئے۔ ایٹمی ہتھیاروں پر مذاکرات کا واضح شیڈول موجود نہیں، یوکرین میں جامع امن معاہدہ طے نہیں پایا، ایران کے بحران کا مشترکہ تصفیہ نہیں ہوا اور چین امریکہ تجارتی مسابقت بھی برقرار ہے۔ اس کے باوجود عالمی کشیدگی کے ماحول میں مذاکرات کے دروازے کھلے رکھنا سفارتی لحاظ سے اہم ہے، کیونکہ بین الاقوامی اختلافات کا پُرامن حل بالآخر رابطوں، اعتماد سازی اور قابلِ عمل معاہدوں ہی سے ممکن ہوتا ہے۔ دنیا اس وقت جس تبدیلی سے گزر رہی ہے، اس میں مستقبل کا عالمی نظام صرف عسکری طاقت سے متعین نہیں ہوگا۔ اقتصادی استعداد، مصنوعی ذہانت، جدید صنعت، توانائی، عالمی تجارت اور سفارتی اتحاد بھی طاقت کے اہم پیمانے بنتے جا رہے ہیں۔ امریکہ، چین اور روس کے درمیان تعلقات اسی وسیع تر تبدیلی کا حصہ ہیں۔ شین ژین کی ملاقات نے سفارت کاری کا ایک اہم باب ضرور کھولا ہے، مگر اسے عالمی امن کے نئے دور کا آغاز قرار دینے کے لیے ابھی مزید ٹھوس شواہد درکار ہیں۔ اصل سوال یہ نہیں کہ امریکہ، چین اور روس ایک میز پر کیوں بیٹھے، بلکہ یہ ہے کہ کیا یہ تینوں طاقتیں اپنے اختلافات کو عالمی تصادم میں تبدیل ہونے سے روک سکیں گی۔۔۔؟ کیونکہ آنے والے عالمی نظام کی اصل کامیابی طاقتور ممالک کے اثر و رسوخ میں اضافے سے نہیں، بلکہ دنیا کی تمام اقوام کے لیے امن، انصاف اور اقتصادی تحفظ کے امکانات سے جانچی جائے گی۔

صحافت کے نام پر آوازیں کستے لونڈے لپاڑے

انٹرنیٹ کے ذریعے پھیلائی نفرت سے مغلوب ہوئے لونڈے لپاڑے پاکستان سے دلی پہنچے وزیر ڈاکٹر مصدق ملک کی بھارت آمد پر فقرے کس رہے ہوتے تو ہرگز حیران نہ ہوتا۔ اپنا سر تو چند دن قبل

تحریر: نصرت جاوید

بھارت کی قدیم ترین سیاسی جماعت آل انڈیا کانگریس کے سرکاری ہینڈل سے سوشل میڈیا کے ایکس پلیٹ فارم کے لئے لکھا ایک پیغام پڑھتے ہی تھام لیا تھا۔ مذکورہ پیغام میں بھارتی وزیر اعظم کو یاد دلایا گیا کہ 2025ء میں مقبوضہ کشمیر کے پہلگام میں دہشت گردی کے ایک واقعے کے بعد انہوں نے دعویٰ کیا تھا کہ ”خون اور پانی“ ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے۔ اپنے دعوے پر قائم رہنے کے بجائے مودی حکومت اس پاکستانی وزیر کو ”بریانی کھلانے“ کو بے چین ہے جس نے سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان کے حصے میں آئے دریائی پانی کو روکنے والے ”ہاتھ توڑنے“ کی دھمکی دی تھی۔ بے شمار تاریخی، ثقافتی اور سیاسی وجوہات سے قطع نظر 1947ء میں قیام پاکستان کا فوری سبب کانگریس کی اپنائی ہٹ دھرمی بھی تھی۔ غیر جانب دار تاریخ دانوں کی اکثریت کا خیال ہے کہ برطانیہ کے تجویز کردہ کیبنٹ مشن پلان پر بالغ النظر سمجھوتے کے ذریعے آج کے پاکستان، بھارت اور بنگلا دیش کو کنفیڈریشن کی صورت قائم رکھا جا سکتا تھا۔ ہمارے خطے میں مسلسل کشیدگی اور متعدد جنگوں سے شاید اس منصوبے کے ذریعے گریز ممکن تھا۔ کانگریس کی جانب سے اس منصوبے کو تسلیم کرنے سے انکار بنگال اور پنجاب میں خونی تقسیم کا حقیقی ذمہ دار تھا۔

1948، 1965 اور 1971ء کے برس ہوئی پاک-بھارت جنگوں کے دوران کانگریس بھارت میں حکمران تھی۔ ان جنگوں کے انجام پر اسی جماعت نے لیاقت-نہرو، شملہ اور تاشقند جیسے معاہدے کئے۔ دریائی پانی کی تقسیم کے لئے سندھ طاس معاہدہ بھی اسی جماعت کے دورِ حکومت میں طے ہوا تھا۔ کانگریس سے ابھرے بھارت کے پہلے وزیر اعظم جواہر لعل نہرو کو اپنی سفارت کاری پر بہت ناز تھا۔ بھارت کی وزارتِ خارجہ آج بھی اپنی روایات پر بہت اِتراتی ہے۔ کانگریس کو یہ دریافت کرنے کے لئے امریکہ کے مشہور فلیچر سکول آف لاء اینڈ ڈپلومیسی کے شارٹ کورس کی ضرورت نہیں تھی کہ دہلی میں گزشتہ دو دنوں سے جو اجلاس ہو رہا ہے اس کا انعقاد شنگھائی کوآپریشن آرگنائزیشن (SCO) کی چھتری تلے ہوا۔ ہمارے یار چین کی پیش قدمی سے قائم ہوئی اس تنظیم نے اپنے رکن ممالک کے تہذیبی ورثے سے یگانگت اور باہمی تعاون کے سنگ میل تلاش کرتے ہوئے خطے میں پرامن اور خوشحال مستقبل کی راہ بنانے کے لئے یہ اجلاس بلوایا تھا۔ پاکستان اس تنظیم کا اہم رکن ہے۔ چین کا قریبی ہمسایہ ہے اور ہمارے ٹیکسلا سے بدھ مت مشرقی ایشیاء تک پھیلا تھا۔ ایس سی او ممالک کے تہذیبی ورثے کا ذکر ہو تو یہ بھلا دینا ممکن نہیں کہ بھارت کے 800 سال تک حکمران رہے دلاور وسطی ایشیاء کے ممالک سے پاکستان کے راستے دلی پہنچے تھے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کمال ذہانت سے دلاوروں کے ذکر سے گریز کیا۔ سمرقند کا نام لے کر ظہیر الدین بابر کی قائم کردہ مغل سلطنت یاد دلانے کے بجائے غالب کا ذکر چھیڑا۔ سوشل میڈیا پر چھائے نفرت کے بیوپاری مگر واویلا مچاتے رہے کہ پاکستانی وزیر مدعو کیوں ہوا ہے۔ مصدق ملک کی دلی میں موجودگی سے برافروختہ ہوئے افراد کو سوال یہ اٹھانا چاہیے تھا کہ بھارت چین کے ایما پر بنائی تنظیم کا رکن کیوں ہے۔ 1962ء میں بھارت کی اس ملک کے ساتھ جنگ ہوئی تھی۔ اتنے برس گزر جانے کے باوجود بھارت کو چین سے ملانے والی سرحد اب تک باضابطہ سرحد بن نہیں پائی ہے۔ دونوں ممالک کے سرحدی مقام پر کھینچی لکیر کو Line of Actual Control کہا جاتا ہے جس پر تعینات فوجیوں کے مابین وقتاً فوقتاً جنگی جھڑپیں ہوتی رہتی ہیں۔ کئی دہائیوں سے پھیلی مخاصمت کو ریڑھی پر رکھ کر رواں صدی کے آغاز سے بھارت امریکہ کو یہ چورن بیچنا شروع ہو گیا کہ اگر اس کو معاشی اور دفاعی اعتبار سے توانا بنایا جائے تو وہ چین کے برابر کی قوت بن سکتا ہے۔ سودا مگر بکا نہیں۔ بھارت نے فقط اس برس اپنی معیشت رواں رکھنے کے لیے چین سے 131.63 ارب ڈالر کی ریکارڈ بناتی اشیاء خریدی ہیں۔ کل بھارتی برآمدات کا یہ 17 فی صد ہیں۔ دلی میں ہوئی کانفرنس میں پاکستانی وزیر کو مدعو نہ کرتے ہوئے بھارت نہ صرف چین کو خفا کرتا بلکہ ایس سی او نامی تنظیم کو بھی بے اثر دکھاتا۔ ایسا احمقانہ قدم اٹھانے کی اس میں ہمت نہیں تھی۔ سفارتی بھرم رکھنے کے لیے پاکستانی وزیر کو مدعو کرنا پڑا۔ بھارت کی بدقسمتی کہ اسلام آباد نے ڈاکٹر مصدق ملک کو خصوصی طور پر مذکورہ اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کے لئے نامزد کر دیا۔

ڈاکٹر صاحب کے بدترین مخالف بھی یہ حقیقت تسلیم کرنے کو مجبور ہیں کہ وہ قابل رشک حد تک قادر الکلام اور حاضر جواب ہیں۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں اور اعلیٰ سرکاری افسران کی تربیتی ورکشاپس کے لئے دنیا کے بے شمار ممالک میں مدعو کئے جاتے ہیں۔ لونڈے لپاڑوں کے ہاتھ میں مائیک تھما کر انہیں زچ کیا نہیں جا سکتا۔ گفتگو میں لوز بال پھینکنے کی انہیں عادت نہیں۔ چہرے پر مسکراہٹ جمائے ثابت قدمی سے متعصبانہ سوالات اٹھاتے ”صحافیوں“ کو یاد دلاتے رہے کہ وہ پاکستان اور بھارت کے مابین باہمی معاملات کے حوالے سے منعقد ہوئے کسی اجلاس میں شرکت کے لیے دلی نہیں آئے ہیں۔ ایک کثیر الملکی تنظیم کی جانب سے منعقد ہوا ”تہذیبی مکالمہ“ انہیں بھارت لانے کی اصل وجہ ہے اور وہ اپنی آمد کے بنیادی مقصد پر ہی توجہ مرکوز رکھیں گے۔

ایمانداری کی بات ہے کہ صحافت کے نام پر آوازیں کستے لونڈے لپاڑوں کے ڈاکٹر مصدق کے روبرو اٹھائے سوالات نے مجھے پریشان نہیں کیا۔ اصل حیرانی اس وقت ہوئی جب ڈاکٹر صاحب کے دلی پہنچنے سے کئی دن قبل ہی میرے ہم عصر بھارتی صحافیوں کا ایک مخصوص گروہ ان کی آمد کو متنازعہ بنانا شروع ہو گیا۔ یوٹیوب کے لیے اس حوالے سے تیار کیے پروگراموں میں زہر اگلنے والے چند لوگ جن کے نام سے گریز کو ترجیح دوں گا ”پاکستان اور تہذیب؟“ والا سوال ڈرامائی حیرت سے اٹھاتے ہوئے یہ بھول گئے کہ ان کے اجداد 1947 میں اسی دھرتی سے بھارت منتقل ہوئے تھے۔ وہاں پہنچنے کے بعد وہ ”وحشی“ سے ”مہذب“ نہیں بن گئے۔ ویک اینڈ ہونے کی وجہ سے ڈاکٹر مصدق صاحب کے ساتھ دلی میں ”صحافیوں“ کے اختیار کردہ رویے کو حد سے زیادہ برداشت کرنا پڑا۔ اسے دیکھتے ہوئے 1984ء سے 2010ء تک بھارت کے بے تحاشہ سفر یاد آئے۔ ڈاکٹر مصدق کے حوالے سے جو نفرت دیکھی اسے رواں صدی کے آغاز سے چند ماہ قبل ہی بھانپ لیا تھا۔ ”امن کی آشا“ جگائے رکھنے کی خاطر میں وہاں طویل قیام کے لئے بھی تیار ہو رہا تھا۔ میری بیوی اور بچیاں اس کے لیے رضامند نہیں تھیں۔ میں نے درمیانی راہ ڈھونڈنے کے لئے طویل قیام کے لئے ہوٹل میں رہنے کے بجائے محلوں میں کمرے ڈھونڈنے کی کوششیں شروع کیں تو احساس ہوا کہ غالب کی دلی میں مسلمان متوسط طبقے کے لئے بنائے ان فلیٹوں میں رہ نہیں سکتا جو جدید رہائش کے نمائندہ ہیں۔ ماس (گوشت) پکانا ایسے گھروں میں ناممکن ہے۔ تقریباً 25 برس قبل جبلی طور پر پاکستان اور مسلمانوں کے خلاف ابھرتی جو نفرت بھانپی تھی اس کی انتہا دیکھ کر جی اپنے مشاہدے کو سراہنے کے بجائے انسانی میل ملاپ کی بنیادی قدروں کے مفقود ہو جانے کے بارے میں اداس ہو گیا۔

پاکستان: اقتدار، دولت اور موروثی اشرافیہ (قسط اول)

1947ء تا 1958ء

قوموں کی تباہی ہمیشہ بیرونی حملوں، جنگوں اور قدرتی آفات سے نہیں ہوتی بعض اوقات ریاست کے اندر ایسے انتظامی اور معاشی مفادات جنم لیتے ہیں جو رفتہ رفتہ قومی

تحریر: محمد اکرم چوہدری

مفادات پر غالب آجاتے ہیں حکومتیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں، حکمران آتے اور جاتے رہتے ہیں، لیکن اقتدار اور وسائل پر اثر انداز ہونے والے طبقے اپنی جگہ برقرار رہتے ہیں پاکستان کی معاشی اور انتظامی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہوئے ہمیں اسی پہلو کو سمجھنے کی ضرورت ہے یہ داستان کسی ایک سیاسی جماعت، فوجی حکمران، بیوروکریٹ یا کاروباری خاندان سے شروع نہیں ہوتی اس کی جڑیں قیام پاکستان کے ابتدائی برسوں اور برطانوی دور کے انتظامی ورثے میں تلاش کرنا پڑتی ہیں

14 اگست 1947ء کو پاکستان وجود میں آیا تو اسے مہاجرین کی آبادکاری، مالی وسائل کی کمی، انتظامی مشکلات اور سرکاری اداروں کی تشکیل جیسے غیر معمولی مسائل کا سامنا تھا لاکھوں انسان اپنے گھر، زمینیں، کاروبار اور دیگر اثاثے چھوڑ کر پاکستان پہنچے تھے ان کی آبادکاری ایک بہت بڑی قومی ذمہ داری تھی لیکن متروکہ املاک کی تقسیم نے سرکاری اہلکاروں اور بااثر افراد کو معاشی وسائل کی تقسیم میں غیر معمولی اختیارات بھی دے دیئے یہیں سے ایک بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے کہ زمینوں، دکانوں، کارخانوں اور رہائشی عمارتوں کی الاٹمنٹ میں حقیقی حقداروں کو ان کا حق کس حد تک ملا اور کہاں سرکاری اختیار، سفارش اور ذاتی تعلقات نے اپنا کردار ادا کیا؟ اس دور میں دیانت داری سے قومی خدمت انجام دینے والے افسران بھی موجود تھے بے شمار مہاجر خاندانوں نے اپنی محنت، قابلیت اور کاروباری تجربے سے پاکستان کی تعمیر میں حصہ لیا ان خدمات کو نظرانداز کرنا تاریخی ناانصافی ہوگی لیکن جن مقامات پر جعلی دعوے، ناجائز الاٹمنٹ اور اختیارات کا غلط استعمال ہوا، ان کا حساب بھی قومی تاریخ کا حصہ ہونا چاہیے پاکستان کو برطانوی حکومت سے ایک ایسا انتظامی ڈھانچہ ورثے میں ملا جس کی بنیادی تربیت عوام کی نمائندگی کے بجائے ریاستی نظم و نسق برقرار رکھنے کے لیے ہوئی تھی آزادی کے بعد اس ڈھانچے کو عوامی خدمت کے نظام میں تبدیل کرنے کی ضرورت تھی سیاسی عدم استحکام اور کمزور نمائندہ اداروں نے اعلیٰ بیوروکریسی کو فیصلہ سازی میں بہت زیادہ طاقت فراہم کر دی سیاسی قیادت کے مقابلے میں مستقل سرکاری افسران کو انتظامی تسلسل، معلومات اور حکومتی طریقہ کار پر زیادہ دسترس حاصل تھی۔

قائداعظم محمد علی جناح کی وفات اور لیاقت علی خان کے قتل کے بعد سیاسی عدم استحکام میں مزید اضافہ ہوا آئین سازی کا عمل طویل ہوتا گیا منتخب نمائندوں اور مستقل ریاستی اداروں کے درمیان طاقت کا توازن تبدیل ہونے لگا ملک غلام محمد، جو سرکاری مالیاتی انتظامیہ کا تجربہ رکھتے تھے، گورنر جنرل بنے 1953ء میں انہوں نے وزیراعظم خواجہ ناظم الدین کی

تھے ان کے نتیجے میں ایک ایسی سیاسی روایت مضبوط ہوئی جس میں منتخب اداروں کے مقابلے میں غیر منتخب ریاستی عہدیدار زیادہ طاقتور بن سکتے تھے جب سیاسی اقتدار غیر مستحکم ہو اور انتظامی اختیار مستقل ہو، تو سرمایہ دار، صنعت کار اور زمین دار بھی اپنے معاشی مفادات کے تحفظ کے لیے مستقل طاقت کے مراکز تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں یہ تعلق ہر صورت میں غیرقانونی نہیں ہوتا، لیکن جب سرکاری فیصلوں میں شفافیت نہ ہو تو ذاتی تعلقات معاشی فائدے کا ذریعہ بن سکتے ہیں قیام پاکستان کے ابتدائی برسوں میں بڑے زمیندار خاندانوں کا سیاسی کردار بھی نمایاں تھا زرعی اصلاحات کے ذریعے زمین کی منصفانہ تقسیم اور مزارعین کے حقوق بہتر بنانے کی کوششیں ہوئیں، لیکن ان کے نتائج محدود رہے زرعی زمین صرف دولت کا ذریعہ نہیں تھی یہ مقامی سیاست، سماجی حیثیت، روزگار اور انتظامی اثر و رسوخ کا وسیلہ بھی تھی زمین کی غیر مساوی تقسیم کے باعث معاشی طاقت کا سیاسی طاقت میں تبدیل ہونا آسان تھا صنعتی شعبے میں بھی ریاستی سرپرستی کی اہمیت بڑھنے لگی نئی صنعتوں کے قیام کے لیے درآمدی لائسنس، غیر ملکی زرمبادلہ، بینک قرضے اور حکومتی اجازت نامے درکار تھے ان وسائل کی شفاف تقسیم ملکی ترقی کو تیز کر سکتی تھی، جبکہ غیر منصفانہ تقسیم مخصوص کاروباری گروہوں کو غیر معمولی فائدہ پہنچا سکتی تھی۔ اس مرحلے پر پاکستان کے سامنے دو راستے تھے ایک ایسا معاشی نظام جس میں کاروبار اور صنعت میں ترقی کے مواقع عام شہریوں تک پہنچتے؛ دوسرا ایسا نظام جس میں اہم معاشی مواقع تک رسائی چند بااثر گروہوں کے لیے زیادہ آسان ہوتی، معاشی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہوئے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ کس حد تک ریاستی پالیسیاں پہلے راستے پر چلیں اور کہاں دوسرے راستے کو تقویت ملی پاکستان میں اشرافیہ کی تشکیل کا معاملہ صرف امیر اور غریب کے فرق کا معاملہ نہیں اصل معاملہ یہ ہے کہ کیا دولت، سرکاری عہدہ اور سیاسی تعلق کسی شہری کو قانون اور ریاستی وسائل تک دوسروں سے زیادہ رسائی فراہم کرتے ہیں؟ اگر ایک خاندان اپنی محنت سے کاروبار قائم کرتا ہے، ٹیکس ادا کرتا ہے اور روزگار پیدا کرتا ہے تو اس کی ترقی ملک کے لیے فائدہ مند ہے لیکن اگر دولت سرکاری اختیارات کے غلط استعمال، ناجائز الاٹمنٹ یا غیرقانونی مراعات سے حاصل ہو تو اس کا معاملہ بالکل مختلف ہے۔ 1947ء سے 1958ء تک کے دور کا جائزہ ہمیں بتاتا ہے کہ پاکستان کے انتظامی، سیاسی اور معاشی اداروں میں طاقت کے توازن کا مسئلہ ابتدا ہی سے موجود تھا 1956ء میں ملک کا پہلا آئین نافذ ہوا، لیکن صرف دو برس بعد اسے منسوخ کر دیا گیا۔ اکتوبر 1958ء میں مارشل لاء کے نفاذ کے ساتھ پاکستان ایک نئے دور میں داخل ہو گیا یہ وہ مرحلہ تھا جب ریاستی طاقت کے ارتکاز کے ساتھ احتساب کے نام پر سرکاری ملازمین کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیوں کا آغاز ہوا لیکن سوال یہ تھا کہ کیا

ایک صدر، ایک عام سی نشست اور اقتدار کا اصل چہرہ

دنیا کے حکمران آسمانوں پر سفر کرتے ہیں، مگر کچھ حکمران زمین سے اپنا رشتہ نہیں توڑتے! ایک عام آدمی کے دل کی آواز کہتے ہیں کہ انسان کا اصل قد اس وقت معلوم ہوتا ہے جب اسے اونچی کرسی مل

تحریر: پروفیسر محمد اسحاق

جائے۔ کچھ لوگ کرسی پر بیٹھ کر اتنے بڑے ہو جاتے ہیں کہ انہیں اپنے اردگرد کھڑے انسان چھوٹے دکھائی دینے لگتے ہیں اور کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں جو دنیا کی سب سے طاقتور کرسی پر بیٹھ کر بھی اپنے اندر کے عام انسان کو زندہ رکھتے ہیں۔

یہ کہانی بھی ایک ایسی ہی کرسی کی ہے۔

لیکن یہ کسی شاہی محل کی کرسی نہیں تھی، نہ کسی صدارتی جہاز کا مخملیں تخت، نہ کسی بادشاہ کے لیے مخصوص سنہری نشست۔

یہ ایک عام مسافر طیارے کی اکانومی کلاس کی نشست تھی۔

سیٹ نمبر 33B۔

ایک درمیانی نشست، جہاں ایک طرف کوئی اجنبی مسافر بیٹھتا ہے اور دوسری طرف کوئی اور، جہاں پاؤں پھیلانے کی زیادہ گنجائش

بند کر لیتا ہے۔

کہانی یہ ہے کہ اسی معمولی سی نشست پر میکسیکو کی صدر، کلاڈیا شین بام، چین کے ایک طویل سفر کے لیے بیٹھیں۔

وہ عورت جس کے ایک اشارے پر سرکاری پروٹوکول کی قطاریں لگ سکتی تھیں، جس کے لیے خصوصی طیارے کا انتظام ہو سکتا تھا، جس کے استقبال میں سرخ قالین بچھائے جا سکتے تھے، اس نے مبینہ طور پر ایک عام مسافر کی طرح سفر کرنے کا انتخاب کیا۔

نہ کوئی شاہی بستر، نہ خصوصی خواب گاہ، نہ فضاؤں میں اڑتا ہوا محل۔

بس ایک نشست، ایک سفر، اور ایک ایسا پیغام جسے دنیا کے بہت سے حکمران شاید سمجھنا ہی نہیں چاہتے۔

ذرا تصور کیجیے!

طیارہ ہزاروں فٹ کی بلندی پر پرواز کر رہا ہے۔ مسافر اپنی اپنی دنیا میں گم ہیں۔ کوئی فلم دیکھ رہا ہے، کوئی کھانا کھا رہا ہے، کوئی اپنے گھر والوں کو یاد کر رہا ہے۔ کسی کو اپنی ملازمت کی فکر ہے، کسی کو بچوں کی فیس کی، اور کسی کو اگلی منزل پر پہنچنے کی جلدی۔

اور انہی کے درمیان ایک ملک کی صدر بیٹھی

چھوٹی چھوٹی خوشیوں کے لیے پیسے بچاتے ہیں۔

شاید اس سفر کا سب سے خوبصورت تصور یہی ہے کہ ایک حکمران اور ایک عام شہری کے درمیان چند انچ کا فاصلہ رہ گیا ہے۔

نہ اقتدار کی دیوار، نہ پروٹوکول کا پہاڑ۔

صرف انسان اور انسان۔

میکسیکو میں صدارتی سادگی کی یہ روایت اچانک پیدا نہیں ہوئی۔ سابق صدر آندریس مینوئل لوپیز اوبراڈور نے سرکاری شاہانہ اخراجات کم کرنے کی ایک سیاسی روایت قائم کی تھی۔ ملک کا پرتعیش صدارتی بوئنگ 787 طیارہ بھی 2023 میں فروخت کر دیا گیا۔

یہ فیصلہ محض ایک جہاز بیچنے کا نہیں تھا۔

یہ ایک سوچ کا اظہار تھا۔

ریاست کا خزانہ حکمران کی ذاتی جاگیر نہیں، عوام کی امانت ہے۔

یہ وہ ایک جملہ ہے جسے اگر دنیا کے تمام ایوانِ اقتدار کی دیواروں پر لکھ دیا جائے تو شاید سیاست کا چہرہ بدل جائے۔

اور اب ذرا اپنے وطن کی طرف دیکھیے۔

ہے:

”آج واپسی پر بچوں کے لیے کچھ لے آؤں گا۔“

مگر شام کو جب لوٹتا ہے تو جیب میں صرف تھکن ہوتی ہے۔

ایک ماں اپنے بچے کے لیے دودھ خریدتے ہوئے قیمت پوچھتی ہے، پھر خاموشی سے آدھا پیکٹ لینے کا فیصلہ کر لیتی ہے۔

ایک باپ اپنی بیٹی کی فیس جمع کرانے کے لیے دوست سے قرض مانگتا ہے۔

ایک پنشنر دوائیوں کی پرچی ہاتھ میں لیے میڈیکل سٹور کے باہر دیر تک کھڑا رہتا ہے، پھر کچھ دوائیں خریدتا ہے اور کچھ اگلے مہینے کے لیے چھوڑ دیتا ہے۔ اور اسی ملک میں اقتدار کے ایوانوں کے گرد گاڑیوں کے قافلے گزرتے ہیں۔

سڑکیں بند ہوتی ہیں۔

سائرن بجتے ہیں۔

عام آدمی راستے کے کنارے کھڑا انتظار کرتا ہے کہ کب کوئی صاحب گزرے اور اس کی زندگی دوبارہ چل سکے۔ کبھی کسی ایمبولینس

مگر پروٹوکول کا اپنا وقت ہوتا ہے۔

اسے کسی کے درد سے کیا واسطہ؟

یہاں سوال کسی ایک جماعت، کسی ایک صدر، کسی ایک وزیر اعظم یا کسی ایک حکومت کا نہیں۔

یہ سوال ہمارے پورے سیاسی اور حکومتی مزاج کا ہے۔

ہم نے خدمت کے منصب کو شان و شوکت کا استحقاق کیوں بنا دیا؟

ہماری سیاست میں عوام کی محبت کا دعویٰ بہت ہے، مگر عوام جیسی زندگی گزارنے کا حوصلہ کتنا ہے؟

تقریروں میں غریب کا ذکر ہوتا ہے، مگر حکمرانوں کے دسترخوان پر غربت کا کوئی نشان نہیں ملتا۔

جلسوں میں عام آدمی کو طاقت کا سرچشمہ کہا جاتا ہے، مگر اقتدار ملتے ہی اسی عام آدمی اور حکمران کے درمیان سکیورٹی، پروٹوکول، مراعات اور فاصلے کی کئی دیواریں کھڑی ہو جاتی ہیں۔

یہ درست ہے کہ سربراہانِ مملکت کی حفاظت ضروری ہوتی ہے۔ ان کے سفر، ملاقاتوں اور ذمہ داریوں کے تقاضے بھی عام مسافروں

مگر اصل سوال اکانومی کلاس کا نہیں۔

اصل سوال نیت، ترجیحات اور احساس کا ہے۔

کیا حکمران سرکاری پیسے کو اپنا حق سمجھتا ہے یا عوام کی امانت؟

کیا وہ اپنے آرام سے پہلے عوام کی ضرورت سوچتا ہے؟

کیا اسے معلوم ہے کہ اس کے ملک میں ایک غریب خاندان کے لیے ہزار روپے کی کیا اہمیت ہے؟

ایک حکمران خصوصی طیارے میں سفر کر کے بھی دیانت دار ہو سکتا ہے، اور کوئی عام نشست پر بیٹھ کر بھی محض دکھاوا کر سکتا ہے۔

اس لیے سادگی کی اصل پہچان تصویر نہیں، کردار ہے۔ صرف ایک سفر نہیں، پوری حکمرانی ہے۔

لیکن جب کوئی حکمران اپنی ذات کے لیے کم خرچ کرنے کا انتخاب کرتا ہے تو وہ کم از کم ایک اہم سوال ضرور زندہ کر دیتا ہے:

اگر میں عوام کے پیسے سے آرام کر سکتا ہوں تو کیا مجھے ایسا کرنا بھی چاہیے؟

یہ سوال ہی دراصل جمہوریت کی روح ہے۔

مجھے اس کہانی میں سب سے زیادہ متاثر

بقیہ اُستمان 01

میں بہتری کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مضبوط اور فعال انتظامی ڈھانچہ سیکیورٹی چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے اور عوامی مسائل کے حل میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ اسی مقصد کے تحت صوبے کے تمام اضلاع میں میرٹ کی بنیاد پر کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور ضلعی پولیس افسران تعینات کیے گئے ہیں تاکہ انتظامی امور میں شفافیت، جوابدہی اور کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کے نظام کو مضبوط بنانے اور سیکیورٹی سے متعلق امور میں بہتری کے لیے موجودہ صوبائی حکومت نے 16 قوانین منظور کیے ہیں، جبکہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سیف سٹی منصوبوں کی تکمیل کے لیے کام تیز کر دیا گیا ہے تاکہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے سیکیورٹی اور نگرانی کے نظام کو مزید مستحکم بنایا جاسکے۔

بقیہ اُستمان 02

کے قیام اور برآمدت میں اضافے کیلئے جائزہ اجلاس جمعرات کو اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وزیر اعظم نے معاون خصوصی توانائی، لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد ظفر اقبال اور انکی ٹیم، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک، مشیر صنعت و پیداوار ہارون اختر اور متعلقہ حکام کی قیمتی پتھروں کے شعبے کی ترقی کیلئے سینٹرز آف ایکسلینس کے قیام اور اصلاحات میں معاونت پر ستائش کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں قیمتی پتھروں کی کان کنی، ویلیوایڈیشن اور انکی برآمدات کے حوالے سے وسیع استعداد موجود ہے، حکومت قیمتی پتھروں کے شعبے کی ترقی کیلئے ترجیحی بنیادوں پر بھرپور اقدامات کررہی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ قیمتی پتھروں کی شناخت و سرٹیفکیشن کیلئے بین الاقوامی معیار کی لیبارٹریز کا قیام یقینی بنایا جائے۔

بقیہ اُستمان 03

بند کیا جائے، مولانا فضل الرحمان کی نقل وحرکت پر عائد رکاوٹیں ختم اور گرفتار رہنماؤں کو فی الفور رہا کیا جائے۔ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ترجمان حسین احمد یوسفزئی کی جانب سے جاری مشترکہ بیان میں دونوں اپوزیشن رہنماؤں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کی نقل وحرکت محدود کرنا اور جمعیت علمائے اسلام کے قائدین کو گرفتار کرنا جمہوری اصولوں، آئینی حقوق اور سیاسی آزادیوں کے منافی ہے۔ سیاسی جماعتوں کی قیادت اور رہنماؤں کو پُرامن سیاسی سرگرمیوں سے روکنا جمہوری نظام کی روح کے خلاف ہے۔ محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کو سیاسی طور پر کمزور اور محدود کرنے کے لیے ماضی میں جو طریقہ کار اختیار کیا گیا، بظاہر اب وہی حربے ملک کی دیگر سیاسی جماعتوں اور ان کی قیادت کے خلاف بھی استعمال کیے جارہے ہیں۔

بقیہ اُستمان 04

پر کنٹینرز کھڑے کر کے نقل وحرکت محدود کرنے کا شکوہ کیا اور سرگودھا روانگی کا عزم ظاہر کیا۔ انہوں نے سرگودھا جانے والے راستوں، موٹر ویز، چشمہ، میانوالی، خوشاب اور فیصل آباد کے علاقوں کی بندش اور شہر میں کرفیو جیسی فضا کا دعویٰ کیا اور پنڈال پر پولیس کے قبضے اور سرگودھا وخوشاب سمیت راولپنڈی سے ڈیرہ غازی خان تک کارکنوں کی گرفتاریوں کا الزام لگایا۔ انہوں نے سربراہ جے ٹی آئی کے مرکزی ناظم عمومی مولانا عبدالغفور حیدری اور صوبائی امیر جے یو آئی پنجاب مولانا امجد خان کی نظربندی کا دعویٰ کیا اور جلسہ گاہ پہنچنے یا نہ پہنچنے کی صورت میں ملک بھر کے عوام اور کارکنوں کو سڑکوں پر نکلنے، شاہراہیں اور موٹرویز بند کرنے کی کال دی۔

بقیہ اُستمان 05

جلد بہتری نظر نہیں آرہی، ری سیٹ یا ری بوٹ جمہوری انداز میں ہونا چاہیے، حکومت اور اپوزیشن جماعتوں کو سسٹم کی بحالی سے متعلق بحث کرنی چاہیے، پارلیمان کو فعال کرنا ہے تو ملک کے تمام فیصلے پارلیمان میں ہی ہونے ہیں، سندھ اسمبلی نے سندھ کی تقسیم کے خلاف قرارداد متعدد بار مسترد کی، اس سے نہ ریفرنڈم کی ضرورت ہوگی نہ کوئی متنازع اقدام کی ضرورت ہوگی، میں پنجاب کی تقسیم کے خلاف ہوں، میں نے پنجاب کے چار ٹکڑے کی بات کبھی نہیں سنی۔ ملتان پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ کسانوں، مزدوروں اور محنت کشوں کو محنت کا صلہ نہیں دیا جارہا، سیاست دانوں کی ذمہ داری ہے کہ عوام پر معاشی بوجھ کم کرنے کیلئے کام کریں، ہمیں اس سسٹم کو اس قابل بنانا ہوگا کہ ان حالات کا مقابلہ کرسکیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ری سیٹ یا ری بوٹ جمہوری انداز میں ہونا چاہیے، حکومت اور اپوزیشن جماعتوں کو سسٹم کی بحالی سے متعلق بحث کرنی چاہیے

بقیہ اُستمان 06

مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بھارتی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی مسلسل کامیابیاں ملک کے امن و استحکام کے لیے ان کے عزم اور قربانیوں کی مظہر ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق نوشکی میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کو نشانہ بنایا گیا، جہاں کارروائی کے دوران 8 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نوشکی میں ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔

بقیہ اُستمان 07

کے دوران عامر ڈوگر نے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کو بتایا کہ پی ٹی آئی نے ابھی تک پارلیمانی کمیٹی میں شمولیت کے حوالے سے کوئی فیصلہ نہیں کیا، وہ کمیٹی کے لیے ازخود نام دینے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ حکومت پی ٹی آئی کا یکساں نمائندگی کا مطالبہ پہلے ہی مسترد کر چکی ہے۔ پی ٹی آئی واضح کرے کہ وہ انتخابی اصلاحات کی پارلیمانی کمیٹی میں شامل ہونا چاہتی ہے یا نہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے خبردار کیا کہ پی ٹی آئی کی شمولیت کے بغیر بھی انتخابی اصلاحات کمیٹی تشکیل دینے کا آپشن موجود ہے۔

بقیہ اُستمان 08

راستے یورپ پہنچنے کی کوشش کر رہے تھے۔ انسانی ہمدردی کے اداروں اور متعلقہ حکام نے بحیرہ روم کے خطرناک راستوں پر غیر محفوظ کشتیوں کے ذریعے سفر کرنے والے تارکین وطن کے بڑھتے ہوئے جانی نقصانات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ حادثے میں لاپتا ہونے والوں میں بڑی تعداد پاکستانی شہریوں کی بتائی جارہی ہے جو غیر قانونی طور پر بحیرہ روم کے راستے یورپ پہنچنے کی کوشش کر رہے تھے۔ انسانی ہمدردی کے اداروں اور متعلقہ حکام نے بحیرہ روم کے خطرناک راستوں پر غیر محفوظ کشتیوں کے ذریعے سفر کرنے والے تارکین وطن کے بڑھتے ہوئے جانی نقصانات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ اُستمان 09

رشتہ بھی موجود ہے۔ اپنے انٹرویوز میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ نئے صوبوں کا معاملہ درست طریقے سے ہینڈل نہیں کیا گیا، اتنے اہم معاملے کو غیر پارلیمانی فورم پر اٹھانے سے اسے سلجھانے کے بجائے مزید الجھا دیا گیا۔ نئے صوبوں کے قیام کیلئے تمام سیاسی جماعتوں، صوبائی نمائندوں اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے درمیان اتفاق رائے پیدا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کا معاملہ پہلے متعلقہ سیاسی قیادت کی سطح پر حل ہونا چاہیے تھا، اس حوالے سے وزیر داخلہ محسن نقوی کے ذریعے بات ان تک پہنچی، تاہم ان کی محسن نقوی سے براہ راست اس معاملے پر کوئی گفتگو نہیں ہوئی۔

بقیہ اُستمان 10

اسلام آباد کے قدرتی حسن کو سراہتے ہوئے پاکستانی عوام کا شکریہ ادا کیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے سکھ یاتریوں کا پنجابی زبان میں خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ دامن کوہ اسلام آباد کا انتہائی خوبصورت سیاحتی مقام ہے، جہاں سے پورے شہر کی خوبصورتی اور قدرتی مناظر کا دلکش نظارہ کیا جاسکتا ہے۔ اس موقع پر عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ یہ پاکستان کے لیے خوشی اور فخر کی بات ہے کہ یہاں مختلف مذاہب کی مقدس شخصیات سے منسوب مذہبی مقامات موجود ہیں۔

بقیہ اُستمان 11

کے عوام سے الگ صوبے کا وعدہ کیا تھا جسے نہ صرف پارٹی منشور کا حصہ بنایا گیا بلکہ اس پر عملی اقدامات بھی کیے گئے۔ جنوبی پنجاب کو انتظامی یونٹ کی شکل دی گئی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری، 11 اہم صوبائی محکموں کے سیکرٹریز اور ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب تعینات کیے گئے جبکہ دو ڈی آئی جیز بھی مقرر کیے گئے جو آج بھی کام کر رہے ہیں۔ جنوبی پنجاب کے لیے این ایف سی ایوارڈ میں صوبائی حصے اور آبادی کے تناسب سے وسائل کی فراہمی کا معاملہ بھی اہم ہے۔

بقیہ اُستمان 12

وابستہ 12 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا، جبکہ ان کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف سیکیورٹی اداروں کی مسلسل کوششوں کی عکاس ہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں اور پیشہ ورانہ خدمات قابل تحسین ہیں۔ بلوچستان میں امن و امان کے قیام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ریاستی ادارے بھرپور عزم کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیاں اس امر کا اظہار ہیں کہ پاکستان اپنے عوام کے تحفظ اور قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔

بقیہ اُستمان 13

کارکنوں کو ریاستی طاقت کے ذریعے خوفزدہ کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں، جمہوریت میں سیاسی اختلاف کا جواب گرفتاریوں، دھمکیوں اور طاقت کے استعمال سے نہیں بلکہ مکالمے اور آئینی اصولوں کی پاسداری سے دیا جاتا ہے، حکومت یہ حقیقت تسلیم کرے کہ گرفتاریوں اور دباؤ کے ذریعے جمعیت علماء اسلام کی سیاسی و جمہوری جدوجہد کو نہیں روکا جاسکتا، ایسے ہتھکنڈے سیاسی بے چینی میں اضافے اور عوام وحکمرانوں کے درمیان خلیج وسیع کرنے کا سبب بنیں گے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ مولانا عبدالغفور حیدری سمیت تمام گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کو بلاتاخیر رہا کیا جائے، سیاسی انتقامی کارروائیوں اور گھروں پر چھاپوں کا سلسلہ فوری بند کیا جائے، جمعیت علماء اسلام اپنے اکابرین، قیادت اور کارکنوں کے ساتھ پوری قوت سے کھڑی ہے اور اپنے آئینی و جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے ہر قانونی اور جمہوری فورم پر بھرپور آواز بلند کرتی رہے گی۔

بقیہ اُستمان 14

آف کمپنیز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب عامر اللہ والا نے ''پاکستان میں لوکلائزیشن اور مقامی مینوفیکچرنگ: صنعتی نقطہ نظر، رکاوٹیں اور ٹیکنالوجی کے انضمام کی راہ'' کے موضوع پر گفتگو کی۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان اپنی صنعتی بنیاد کو محض اسمبلی سے آگے بڑھا کر گہری مینوفیکچرنگ، مقامی سطح پر پرزہ جات کی تیاری اور ٹیکنالوجی کے انضمام کی طرف لے جائے، اور کہا کہ ایک مستحکم اور باصلاحیت صنعت روزگار، انجینئرنگ اور دفاعی صلاحیتوں کو تقویت دے گی۔

بقیہ اُستمان 15

جس کے باعث بڑی تعداد میں نوجوان بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا شکار ہے۔ ایسے حالات میں ٹریفک پولیس کی جانب سے آئے روز چالان کیے جانے سے نوجوانوں اور ان کے والدین کی پریشانیوں میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان موٹر سائیکل پر اسکول، کالج، یونیورسٹی، گھر کا سودا سلف لینے یا کسی مریض کو اسپتال پہنچانے کے لیے نکلتے ہیں تو شہر کے مختلف مقامات پر قائم ٹریفک پولیس کے ناکوں پر انہیں روک کر چالان کیا جاتا ہے۔ بعض نوجوانوں کی عمر 19 سال سے کم ہونے کے باعث ان کے شناختی کارڈ اور ڈرائیونگ لائسنس بھی تاحال نہیں بنے ہوتے، جبکہ بعض نوجوانوں کے موبائل فون بھی لائسنس یا چالان کی کارروائی کے دوران تحویل میں لے لیے جاتے ہیں، جس سے انہیں مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

بقیہ اُستمان 16

ساعت کے دوران پولیس نے عدالت میں جواب جمع کراتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کو نہ تو گرفتار کیا گیا ہے اور نہ ہی ہاؤس اریسٹ کیا گیا ہے، جب کہ سرکاری وکیل نے دعویٰ کیا کہ وہ گزشتہ روز تعزیت کے لئے گئے تھے جس پر عدالت نے ویڈیوز اور تصاویر منگوانے کی ہدایت کردی۔ لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس علی ضیا باجوہ نے مقامی وکیل ابرار حسین کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی، اس سماعت کے دوران سی سی پی او لاہور کی جانب سے سرکاری وکیل فرخ لودھی نے عدالت میں جواب جمع کروایا۔ پولیس کی جانب سے جمع کرائے گئے

بقیہ اُستمان 17

جس کے دوران غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری ایک صفحہ پر مشتمل پیش رفت رپورٹ کے مطابق آپریشن کا مقصد ضلع میں قانون کی بالادستی قائم کرنا، عوام کو جرائم پیشہ عناصر کے خوف سے نجات دلانا اور امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانا ہے۔ رپورٹ کے مطابق آپریشن کے دوران غیر قانونی اسلحہ سازی کے مراکز، جرائم پیشہ عناصر کے ٹھکانوں اور منظم جرائم کے نیٹ ورکس کو نشانہ بنایا گیا۔ اس سلسلے میں غیر قانونی اسلحہ تیار کرنے، بارود اور کارتوس بنانے سمیت دیگر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کی گئی۔

بقیہ اُستمان 18

نتیجے میں دو خواتین سمیت چار افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیموں اور پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو فوری طور پر ڈی ایچ کیو اسپتال قلات منتقل کیا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، تاہم بعد ازاں چاروں زخمیوں کو مزید بہتر علاج معالجے کے لیے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔

بقیہ اُستمان 19

عدالتی حکم کے بعد الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول بھی معطل کر دیا۔ ہائیکورٹ میں وفاقی دارالحکومت کے بلدیاتی انتخابات روکنے کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس عمیر مجید ملک نے کیس کی سماعت کرتے ہوئے حکم امتناع میں توسیع کر دی۔ الیکشن کمیشن کے وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ عدالتی حکم امتناع کے بعد الیکشن کمیشن نے اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل کر دیا ہے۔

بقیہ اُستمان 20

انفورسمنٹ یونٹ نے 72 گھنٹے تک تعاقب کے بعد سمندر میں ایندھن کی اسمگلنگ میں ملوث لانچ کو روک لیا۔ حکام کے مطابق کارروائی کے دوران البہار عنبر نامی لانچ کو تحویل میں لے کر اس میں موجود 40 ہزار لیٹر اسمگل شدہ ہائی اسپیڈ ڈیزل بھی ضبط کر لیا گیا ہے۔ اسمگل شدہ ایندھن کو سمندری راستے سے منتقل کیا جارہا تھا۔

بقیہ اُستمان 21

ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان نے حکومت کے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے فیصلے کا خیرمقدم کرتے ہوئے پاکستان بھر میں گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 5 فیصد کمی کا اعلان کر دیا۔ ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ گزشتہ 20 روز کے دوران پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے پیش نظر گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 5 فیصد کمی کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے اقدام کو سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی سے براہ راست پاکستانی عوام کو فائدہ پہنچتا ہے۔

بقیہ اُستمان 22

ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے کہا کہ ایرانی افواج خلیج فارس کے جنوبی ساحلوں اور جزائر پر ملکی سرحدوں کا بھرپور دفاع کر رہی ہیں، آبنائے ہرمز پر دشمن کے متعدد ڈرونز کو تباہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ کارروائیاں ایرانی مسلح افواج کی نمایاں تکنیکی صلاحیتوں کا ثبوت ہیں، ایران میں میزائلوں کی تیاری کبھی نہیں رکی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہتھیاروں کے ذخائر کے معاملے میں ایران کی پوزیشن امریکا سے کہیں بہتر ہے، ایران اپنے میزائلوں کی طاقت اور درستگی میں مسلسل اضافہ کر رہا ہے۔

بقیہ اُستمان 23

کردی، جبکہ امتحانی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں اصلاحات سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں صوبائی مقابلے کے امتحانات کے نظام کو جدید، شفاف اور تیز رفتار بنانے کیلئے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ پی سی ایس امتحانات میں امیدواروں کو شرکت کے 3 کے بجائے 6 مواقع فراہم کیے جائیں۔

بقیہ اُستمان 24

سے بھری گاڑی الٹنے کے بعد آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں کم از کم 31 افراد جاں بحق اور 21 زخمی ہوگئے۔ حکام کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات سے بھری گاڑی الٹنے کے بعد لگنے والی آگ نے متعدد گاڑیوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، ابتدائی اندازے کے مطابق 27 گاڑیاں، جن میں کاریں اور موٹر سائیکلیں شامل ہیں، جل کر تباہ ہوگئیں۔ ریسکیو کارروائیوں کے لئے 39 ایمبولینسیں جائے حادثہ پر روانہ کردی گئیں، حکام نے نامعلوم لاشوں کی شناخت کے لئے ڈی این اے نمونے لینے کا حکم دے دیا ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق آگ اتنی تیزی سے پھیلی کہ متعدد افراد کو گاڑیوں سے باہر نکلنے کا موقع ہی نہ مل سکا۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے قاہرہ میں ٹینکر آتشزدگی کے المناک واقعے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کیا ہے۔

بقیہ اُستمان 25

کی مزید تحقیقات شروع کردی ہیں۔

بقیہ اُستمان 26

ستائش کرتے ہوئے کہا کہ خوارجیوں کے ناپاک عزائم ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر پوری قوم کو فخر ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی یہ کامیاب کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے غیر متزلزل عزم کی عکاس ہیں۔ انہوں نے وطن کے بہادر سپوتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ اُستمان 27

غیر ملکی خلا باز کی پہلی مشترکہ خلائی پرواز ہے، خوشی ہے کہ چین کے اسپیس اسٹیشن میں داخل ہونے والے کسی بھی پہلے غیر ملکی خلا باز کا تعلق برادر ملک پاکستان سے ہے۔ چینی مندوب نے کہا کہ یہ مشن پاکستان اور چین کے دوطرفہ تعلقات میں ایک اور اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، یہ مشن باہمی دوستی کو ایک نئی بلندی پر لے جاچکا ہے۔

بقیہ اُستمان 28

کا تعلق شادوزئی قبیلے سے بتایا جاتا ہے جن میں زین اللہ ولد عبدالرحمان، ان کی اہلیہ اور ان کا دو سالہ بیٹا حفیظ اللہ شامل ہیں۔ اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ تمام زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے۔

بقیہ اُستمان 29

کے ٹھکانوں کے خلاف مؤثر کارروائیوں اور دہشت گردوں کو انجام تک پہنچانے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی مسلسل کامیابیاں ملک کے امن واستحکام کے لیے ان کے عزم اور قربانیوں کی مظہر ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ فتنہ الہندوستان اور بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ہر علاقے سے بیرونی سرپرستی اور معاونت میں سرگرم دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ اُستمان 30

نے کہا کہ دوطرفہ تعلقات کے مستقبل کی تشکیل میں نوجوان نسل کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ امریکی کانگریس کے رکن جوناتھن جیکسن نے بھی سمٹ میں شرکت کی اور پاکستان کے سفیر سے ملاقات کی۔ انہوں نے دونوں ملکوں کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کا بھی ذکر کیا۔ سفیر رضوان سعید شیخ نے شکاگو کے دو روزہ دورے کے دوران کاروباری شخصیات سے بھی ملاقاتیں کیں جن میں ٹیکنالوجی اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری اور باہمی تعاون کے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ اُستمان 31

بنایا جارہا ہے، دہشتگردی کے خلاف کے پی پولیس نے بے شمار قربانیاں دیں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے مزید کہا کہ صوبے کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل اور آمدن میں اضافے کے لئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ہمارے ادارے وینٹی لیٹر پر جا چکے تھے، انہیں وینٹی لیٹر پر جانے کی صورتحال سے نکالیں گے۔

بقیہ اُستمان 32

نشانہ بنانے کے دعوے اور آبنائے ہرمز میں کم از کم دو جہازوں کے ایرانی بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کی اطلاعات نے عالمی منڈی میں تیل کی سپلائی سے متعلق خدشات بڑھا دیے ہیں۔ کاروباری اعدادوشمار کے مطابق برینٹ خام تیل کے مستقبل کے سودوں کی قیمت 10 سینٹ یا 0.1 فیصد اضافے کے بعد 94.71 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) خام تیل کی قیمت میں 35 سینٹ یا 0.4 فیصد اضافہ ہوا، جس کے بعد یہ 84.03 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گئی۔

بقیہ اُستمان 33

کے باہر روڈ پر گیا تو ٹرک نے ٹکر ماردی۔ بق اے ٹی سی اسلام آباد میں جمعیت علمائے اسلام کے صدر مفتی اویس کو پیش کیا گیا، عدالت نے مفتی اویس کے جسمانی ریمانڈ پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ دوران سماعت جج ابوالحسنات نے وکیل صفائی سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ میرے والد جج تھے، ان کی عدالت میں فیصلے سے قبل ایک ملزم بھاگ گیا، ملزم بھاگ کر کچہری کے باہر روڈ پر گیا تو ٹرک نے ٹکر ماردی، ٹرک کی ٹکر سے ملزم جاں بحق ہوا تو والد نے شیئو سے کہا آرڈر بیکار ہوگیا

بقیہ اُستمان 34

فورسز ملک کے دفاع کے لیے مؤثر کردار ادا کر رہی ہیں اور صوبے میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں ان کی کمر توڑ دی گئی ہے۔ قائم مقام گورنر نے کہا کہ کلائمیٹ چینج کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کور کمانڈر بارڈرز کھولنے کے حق میں ہیں، اب طریقہ کار طے کرنا حکومت کا کام ہے۔

بقیہ اُستمان 35

وہپ عامر ڈوگر کے درمیان تیسری ملاقات ہوئی، طارق فضل چودھری اور عامر ڈوگر کی ملاقات میں انتخابی اصلاحات کمیٹی کی تشکیل پر تبادلہ خیال کیا گیا، انتخابی اصلاحات کمیٹی امور پر اتفاق نہ ہوسکا۔ عامر ڈوگر نے کہا کہ پی ٹی آئی نے تاحال انتخابی اصلاحات کمیٹی میں شمولیت کا فیصلہ نہیں کیا، قیادت کی منظوری کے بغیر پارلیمانی کمیٹی کیلئے ازخود نام دینے کی پوزیشن میں نہیں ہوں۔

بقیہ اُستمان 36

پیش کیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج منظر علی گل نے سماعت کی۔ سوشل میڈیا ایکٹوسٹ فلک جاوید نے جیل سے ضمانت کی درخواست دائر کی، ملزمہ کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ملزمہ کو تین سال کی تاخیر سے مقدمہ میں گرفتار کیا گیا، ملزمہ بے گناہ ہے ضمانت پر رہائی دی جائے۔ تفتیشی افسر نے بتایا کہ ملزمہ فلک جاوید جناح ہاؤس حملہ کیس میں ملوث ہے، جناح ہاؤس حملے کا تھانہ سرور روڈ میں مقدمہ نمبر 96/23 درج ہے، مقدمہ میں پی ٹی آئی رہنماؤں پر کارکنان کو جلاؤ گھیراؤ پر اکسانے کا الزام ہے۔

بقیہ اُستمان 37

کوئی اخلاقی جواز نہیں رہتا۔ سیاست محض سیاسی اثر ورسوخ، ماضی کے انتخابی نتائج اور خرچ کیے گئے پیسوں کا ماتم کرنے کا نام نہیں بلکہ عوام کے درمیان رہ کر ان کے دکھ درد میں شریک ہونے اور ان کے بنیادی مسائل حل کرنے کا نام ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کلی سلطان آباد سیاہوزئی بسیمہ میں تعمیر کیے گئے کمیونٹی ہال کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ حاجی زاہد علی ریکی نے کہا کہ ہمارے سیاسی مخالفین کبھی ہزاروں ووٹوں کی برتری کے ساتھ اپنی سیاسی حیثیت کا اظہار کیا کرتے تھے، لیکن آج ان کی سیاسی برتری ہزاروں سے کم ہو کر محض سینکڑوں تک محدود ہو چکی ہے۔ یہ صورتحال اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ عوام اب روایتی سیاست، بلند و بانگ دعوؤں اور اقتدار کے نام پر ذاتی مفادات کے بجائے عملی کارکردگی کو اہمیت دے رہے ہیں۔ اگر ہمارے مخالفین واقعی سیاسی میدان میں موجود ہوتے، عوام کے درمیان آتے، ان کے مسائل سنتے اور ان کے حل کے لیے آواز اٹھاتے تو ہمیں بھی یہ کہنے کا موقع نہ ملتا کہ واشک میں کوئی مؤثر اپوزیشن اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ لیکن افسوس کہ عوام کو تنہا چھوڑ کر چند مخصوص مقامات پر بیٹھ کر سیاست کرنے کا سلسلہ جاری ہے انہوں نے کہا کہ مخالفین کو چاہیے کہ وہ اپنے تقریباً 30 سالہ دور اقتدار، وزارتوں اور سابقہ ضلعی حکومت کے دور کا ہمارے چھ سالہ دور سے موازنہ کریں۔

بقیہ اُستمان 38

عبدالفتاح السیسی، متاثرہ خاندانوں اور برادر ملک مصر کے عوام سے اس سانحے پر دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں، ہماری ہمدردیاں اور دعائیں ان تمام افراد کے ساتھ ہیں جنہوں نے اپنے پیاروں کو کھو دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی دعا گو ہیں، پاکستان دکھ کی اس گھڑی میں مصر کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے۔

بقیہ اُستمان 39

پیغام میں نائب وزیراعظم نے سوگوار خاندانوں، مصری حکومت اور برادر مصری عوام سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کی ارواح کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے، زخمیوں کو جلد صحت یابی نصیب کرے اور سوگوار خاندانوں کو یہ صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبر عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس مشکل گھڑی میں مصر کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔

بقیہ اُستمان 40

امجد خان سمیت دیگر مرکزی صوبائی اور ضلعی قائدین کی گرفتاریوں، سرگودھا کے جلسے میں رکاوٹیں ڈالنے اور مختلف مقامات پر مدارس، مساجد اور علماء کرام کو غیر آئینی وغیر قانونی طریقوں سے ہراساں کرنے کے مسلسل سلسلے کے خلاف تمام اضلاع کے امراء، نظماء، علماء و عمائدین، ذمہ داران اور کارکنان فوری طور پر میدان عمل میں نکلیں اور بین الاضلاعی و بین الصوبائی قومی شاہراہوں پر پرامن احتجاجی دھرنے دے کر ہر قسم ٹریفک کی آمد ورفت معطل کریں۔ تمام جماعتی ذمہ داران احتجاج کو منظم، مؤثر اور مکمل طور پر پرامن بنانے کے لیے فوری اقدامات کریں، کسی قسم کی اشتعال انگیزی، تصادم یا غیر قانونی اقدام سے مکمل گریز کیا جائے، جبکہ شاہراہوں پر مریضوں، ایمبولینسوں کو سفر کرنے والوں کو ہر صورت راستہ فراہم کیا جائے تاکہ عوام کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ تمام اضلاع کے ذمہ داران مرکزی اور صوبائی جماعتی فیصلے پر فوری عمل درآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ اُستمان 41

آج شام پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین سے اہم ملاقات کریں گے۔ ذرائع ایوان صدر کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان ہونے والی اس ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ سیاسی حلقوں کی جانب سے آصف علی زرداری کے اس دورے کو موجودہ ملکی صورتحال کے تناظر میں انتہائی اہم قرار دیا جارہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ صدر مملکت خاص طور پر اس اہم ملاقات کیلئے لاہور پہنچیں گے، جبکہ ہفتے کی دوپہر ان کی ایک اور اہم سیاسی شخصیت سے ملاقات کا بھی امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب ایوان صدر کے حکام کا کہنا ہے کہ صدر آصف علی زرداری کا یہ مجوزہ دو روزہ دورہ ذاتی نوعیت کا ہے۔

بقیہ اُستمان 42

کشتیوں کی حفاظت کا خدشہ لاحق رہتا ہے، جبکہ تیز ہواؤں اور بلند سمندری موجوں کے باعث کشتیاں آپس میں ٹکرانے اور نقصان پہنچنے کے واقعات کا اندیشہ برقرار رہتا ہے۔ ماہیگیر حلقوں نے بتایا کہ گڈانی میں پہلے ہی بنیادی سہولیات نا ہونے کے برابر ہیں، جس سے روزگار اور محنت کا ذریعہ شدید متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے وفاقی و صوبائی حکومت، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر جام کمال خان عالیانی اور نواب آف لسبیلہ میر علی حسن زہری سمیت دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گڈانی میں جیٹی کی بحالی اور تعمیراتی کام فوری طور پر شروع کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں تاکہ ماہیگیر اس کی کشتیوں اور روزگار کو محفوظ بنایا جاسکے۔

بقیہ اُستمان 43

گوادر بلوچستان کی سرزمین ہے، کوئی ایسی جاگیر نہیں جسے حکمران اپنی مرضی سے وفاق کے حوالے کرنے کے منصوبے بنائیں۔ اسی طرح کراچی سندھ کا حصہ ہے اور اس کے مستقبل کا فیصلہ سندھ کے عوام اور ان کے منتخب نمائندوں کا حق ہے۔ بلوچستان کو پہلے ہی اس کی سرزمین، وسائل اور سیاسی اختیار کے حوالے سے بے شمار ناانصافیوں کا سامنا رہا ہے۔ اب گوادر کو وفاق کے ماتحت لانے کی باتیں کرنا بلوچ عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ کیا بلوچستان کے عوام صرف اس لیے اپنے اختیار سے محروم کیے جائیں کہ ان کی سرزمین پر بندرگاہیں، ساحل اور اہم تجارتی منصوبے موجود ہیں؟ ہم واضح کرتے ہیں کہ ترقی کے نام پر قبضے کی سوچ، انتظامی اصلاحات کے نام پر صوبائی اختیار کی پامالی اور قومی مفاد کے نام پر عوامی رضامندی کو نظرانداز کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ اگر وفاقی حکمران سمجھتے ہیں کہ گوادر کو صوبے سے الگ کر کے یا اس کے انتظامی اختیارات محدود کرکے بلوچستان کے مسائل حل کیے جاسکتے ہیں تو یہ ان کی سنگین سیاسی غلط فہمی ہے۔

بقیہ اُستمان 44

میامی جانے والی پروازوں کو عارضی طور پر روک دیا، جبکہ ایئرپورٹ کے بیشتر رن وے بھی بند کردیے گئے۔ بی بی سی کے مطابق یہ واقعہ گزشتہ شام پیش آیا، جب فیڈیکس کا ایک کارگو طیارہ لینڈنگ کے دوران رن وے سے آگے نکل گیا۔ طیارہ امریکی ریاست ٹینیسی کے شہر میمفس سے میامی پہنچا تھا۔ حکام کے مطابق واقعے میں کسی شخص کے زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی۔ امریکی فیڈرل ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن (ایف اے اے) کی ہدایت کے مطابق رات 8 بج کر 15 منٹ کے فوراً بعد میامی جانے والی پروازوں کو روانگی سے روک دیا گیا۔ ایئرپورٹ کے تمام رن وے بند کردیے گئے، تاہم ایک رن وے کو کھلا رکھا گیا تاکہ فضائی آپریشن مکمل طور پر معطل نہ ہو۔

بقیہ اُستمان 45

رائے سے نئی کابینہ تشکیل دی گئی۔ نو منتخب کابینہ کے مطابق ایڈووکیٹ میر عاقل خان بادینی صدر، عبدالمالک بلوچ نائب صدر، سراج احمد مینگل جنرل سیکرٹری، احمد نواز مینگل فنانس سیکرٹری، محبوب علی مینگل جوائنٹ سیکرٹری اور اشفاق احمد مینگل انفارمیشن سیکرٹری منتخب ہوگئے۔ اجلاس میں ایڈووکیٹ میر لیاقت مینگل، پیر محمد مینگل، خلیل احمد قمبرانی، محمد ابراہیم بریچ، عبدالمالک بلوچ، صدام مینگل، مرتضیٰ بلوچ، عدنان بادینی، محمد الیاس مینگل سمیت وکلا کی بڑی تعداد اور سینئر ممبران موجود تھے۔ اس موقع پر نو منتخب صدر ایڈووکیٹ میر عاقل خان بادینی نے تمام وکلا برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے ساتھیوں کے اعتماد پر پورا اترنے اور بار ایسوسی ایشن کی بہتری کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بار، بینچ اور عدالتی اسٹاف ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم ہیں، تینوں کے درمیان باہمی تعاون، رابطے اور ہم آہنگی کو فروغ دے کر وکلا برادری کو درپیش مسائل کے حل، عدالتی نظام کی بہتری اور انصاف کی فراہمی کے عمل میں مشترکہ کردار ادا کیا جائے گا نو منتخب صدر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وکلا کے حقوق کے تحفظ، پیشہ ورانہ مسائل کے حل اور بار ایسوسی ایشن کو مزید فعال بنانے کے لیے تمام ساتھیوں کو ساتھ لے کر چلیں گے۔

بقیہ اُستمان 46

شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ انسداد پولیو مہم کی تیاریوں، پولیو ٹیموں کی تشکیل، مائیکرو پلاننگ، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے انتظامات، سیکیورٹی، مانیٹرنگ اور مہم کے دوران درپیش ممکنہ چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اپنے محکموں کی تیاریوں اور انتظامات سے متعلق ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالحمید زہری نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور معذوی مرض ہے، جو بچوں کی صحت اور مستقبل کو متاثر کرسکتا ہے، تاہم بروقت ویکسینیشن کے ذریعے اس سے بچاؤ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم محض ایک محکمانہ سرگرمی نہیں بلکہ بچوں کے محفوظ مستقبل اور آنے والی نسلوں کی صحت کے تحفظ کے لیے ایک اہم قومی ذمہ داری ہے، جس کی کامیابی تمام متعلقہ اداروں، محکمہ صحت، ضلعی انتظامیہ، سیکیورٹی اداروں اور معاشرے کے مشترکہ تعاون سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پانچ سال تک کی عمر کے ہر بچے تک پولیو ٹیموں کی رسائی یقینی بنائی جائے اور کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔

بقیہ اُستمان 47

بھی فی تولہ سونے کی قیمت 4 ہزار 700 روپے کے اضافے سے 3 لاکھ 78 ہزار 636 روپے اور فی دس گرام سونے کی قیمت 4 ہزار 030 روپے کے اضافے سے 3 لاکھ 24 ہزار 619 روپے کی سطح پر آگئی۔ اسی طرح، فی تولہ چاندی کی قیمت 166 روپے کے اضافے سے 4 ہزار 629 روپے اور فی دس گرام چاندی کی قیمت 142 روپے کے اضافے سے 3 ہزار 968 روپے کی سطح پر آگئی۔

بقیہ اُستمان 48

ٹرمپ کی فلوریڈا میں واقع رہائش گاہ پر بھی ملاقات کی، جس میں یوکرین جنگ، یورپی سلامتی اور دیگر بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے بعد جاری مشترکہ بیان میں جنگ کے خاتمے کے لیے جلد از جلد پرامن حل کی ضرورت پر زور دیا گیا، تاہم ممکنہ مذاکرات یا سفارتی پیش رفت کی تفصیلات سامنے نہیں لائی گئیں۔ یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب روس اور یوکرین کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لیے سفارتی کوششیں جاری ہیں اور متعدد یورپی ممالک امریکی سرپرستی میں ہونے والے مذاکرات میں زیادہ فعال کردار کے خواہاں ہیں۔ ٹرمپ اور مارک روٹے نے اپنی ملاقات میں ایران سے متعلق صورتحال پر بھی گفتگو کی، تاہم اس حوالے سے مزید تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔

بقیہ اُستمان 49

مسائل، بنیادی سہولیات کی صورتحال اور ترقیاتی ضروریات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا کھلی نشست میں شرکاء نے صحت، تعلیم، آبنوشی، ایریگیشن، زراعت، مواصلات، بلدیاتی نظام اور دیگر اہم شعبوں سے متعلق مسائل اور تجاویز پیش کیں۔ صحت کے شعبے میں سرکاری ہسپتالوں میں جدید طبی سہولیات، ایم آر آئی مشین کی عدم دستیابی، ایمبولینس سروس، ڈائیلاسز کی سہولت اور طبی عملے کی کمی کی نشاندہی کرتے ہوئے مزید سہولیات کی فراہمی کا مطالبہ کیا گیا۔ تعلیم کے حوالے سے سرکاری اسکولوں میں اساتذہ کی کمی، غیر حاضری، تعلیمی معیار، گرلز مڈل و ہائی اسکولوں کے قیام، طلبہ کے لیے ٹرانسپورٹ اور تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے امور زیر بحث آئے جبکہ میرانی ڈیم سے پانی کی فراہمی، واٹر سپلائی منصوبوں، ڈیموں میں پانی کے ذخیرے، متاثرہ زمینداروں کے معاوضوں، ساحلی شاہراہ پر ٹریفک حادثات، غیر ضروری چیک پوسٹس، سرحدی تجارت اور جیونی سمیت دور دراز علاقوں کے عوام کو درپیش سفری مشکلات پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔

بقیہ اُستمان 50

جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ اداروں کے درمیان معلومات کے تبادلے، باہمی تعاون اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے درپیش مسائل کے حل سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سعید الرحمن کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری سنجیدگی اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ اداروں کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنایا جائے، سیکیورٹی امور میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے اور عوامی مفاد سے متعلق معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ امن وامان کے قیام اور ضلع کی مجموعی بہتری کے لیے تمام اداروں کا مشترکہ کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اور جاری کردہ ہدایات پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

بقیہ اُستمان 51

وقت پوری طاقت کے ساتھ ایران پر حملے کے لئے تیار ہے، خواہ اسے یہ کارروائی امریکا کے تعاون کے بغیر ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ اسرائیلی سرکاری نشریاتی ادارے کے مطابق ایفی ڈیفرین کا کہنا تھا کہ ایران بدستور اسرائیل کے وجود کیلئے خطرہ ہے اور اسرائیل کو تباہ کرنے کا ایرانی تصور ختم نہیں ہوا۔ 28 فروری کو جنگ شروع ہونے کے بعد سے اسرائیل اور ایران کے درمیان مسلسل دھمکیوں اور جوابی بیانات کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سے قبل ستمبر میں اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے بھی دھمکی دی تھی کہ اگر ایران نے اسرائیل پر حملہ کیا تو اسرائیلی فوج تہران کو پتھر کے زمانے اور تاریکی میں دھکیل دے گی۔ اسرائیلی فوج کے تازہ بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ تل ابیب ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی کیلئے لیے امریکا کی شمولیت کو لازمی نہیں سمجھتا۔ تاہم بیان میں کسی حملے کی تاریخ یا مخصوص منصوبے کی تفصیلات نہیں بتائی گئیں۔

بقیہ اُستمان 52

کار واضح ہے اور دنیا کے 60 ممالک میں اہم قومی فیصلوں کے لئے ریفرنڈم کو ذریعہ بنایا جاتا ہے، ریفرنڈم عوام کی مرضی کا اظہار ہے، اگر عوام خود کسی معاملے پر فیصلہ کر رہے ہوں تو ایسی صورت میں پارلیمان کا کردار پیچھے رہ جاتا ہے۔ ملک احمد خان کا کہنا تھا کہ صوبوں کے اختیارات کے حوالے سے ان کا موقف بالکل واضح ہے، صوبوں سے متعلق اختیار سیاسی جماعتوں کے سربراہان کے پاس ہے، پیپلز پارٹی قومی اسمبلی میں صوبوں کی تقسیم کی بات کرتی ہے، جبکہ مسلم لیگ ن اس معاملے پر واک آؤٹ کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے بھی واضح کیا ہے کہ ریفرنڈم کے معاملے پر صوبائی نمائندوں کو احتیاط سے بات کرنی چاہیے۔ وزیراعظم کی جانب سے اس حوالے سے ہدایت بھی آ چکی ہے کہ ریفرنڈم کے موضوع پر مثبت انداز میں بات کی جاسکتی ہے، وزیراعظم کی تجویز اہم ہے اور تمام سیاسی جماعتوں کو ایک ساتھ بیٹھ کر معاملات کا حل تلاش کرنا چاہیے۔ سپیکر پنجاب نے کہا کہ آئین کی تشریح کیلئے آئینی طریقہ کار کے تحت سپریم کورٹ سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔ مولانا فضل الرحمن سے متعلق سوال پر ملک احمد خان نے کہا کہ یہ حکومت کا معاملہ ہے، ابھی واضح نہیں کہ حکومت نے کس تناظر میں یہ بات کی ہے۔ بنگلہ دیش کے سپیکر کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ بنگلہ دیش کے سپیکر اپنے ملک کی فٹ بال ٹیم کا حصہ رہ چکے ہیں، تاہم بنگلہ دیش کے سپیکر کی پروفائل پڑھ کر وہ بہت متاثر ہوئے۔

بقیہ اُستمان 53

کمیٹی میں سینیٹ کی نمائندگی نہ ہونے پر تحفظات کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں بیرسٹر علی ظفر اور سلمان اکرم راجہ کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا، سیاسی کمیٹی میں قومی اسمبلی کے پارلیمانی لیڈر کو شامل کرنے پر ارکان نے سوال اٹھایا کہ سینیٹ کے پارلیمانی لیڈر کو کیوں شامل نہیں کیا گیا۔ سلمان اکرم راجہ نے جواب دیا کہ پارٹی عہدے رکھنے والے افراد کو سیاسی کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے، بعض لوگوں کی میڈیا میں گفتگو پر سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ وقت آنے پر بتاؤں گا۔ بانی سے ملاقات کرنے والوں کو منظور نظر کہنے پر بھی ارکان نے اعتراض اٹھایا اور ایسی اصطلاحات سے گریز کرنے کی رائے دی۔ چار گھنٹے جاری رہنے والے اجلاس میں نصف کے قریب ارکان پارلیمان شریک ہوئے۔

بقیہ اُستمان 54

برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق یہ واقعہ دارالحکومت جکارتہ کے جنوب میں واقع ضلع بوگور کے علاقے پونگکور میں پیش آیا، جہاں شدید بارش کے باعث دریائے سیسیورہ کا پانی کان کے اندر داخل ہوگیا۔ حادثے کے وقت مجموعی طور پر 26 کان کن تقریباً 100 میٹر گہری سرنگوں میں کام کر رہے تھے، جن میں سے 11 افراد باہر نکلنے میں کامیاب ہوگئے جبکہ باقی پانی میں پھنس گئے۔ حکام کے مطابق امدادی ٹیمیں دور سرنگوں میں پھنسے افراد تک پہنچنے کی کوشش کر رہی ہیں، تنگ، تاریک اور پھسلن والی سرنگوں کے باعث ریسکیو آپریشن میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔

بقیہ اُستمان 55

وڈسٹری بیوشن نیٹ ورک، واٹر ریزروائرز اور شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی تقسیم کے نظام پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس وقت شادی کور اور سوڈ ڈیم سے تقریباً 3.7 ملین گیلن یومیہ پانی فراہم کیا جا رہا ہے، تاہم بارشیں نہ ہونے اور سوڈ ڈیم میں پانی کے ذخیرے میں کمی کے باعث آئندہ دنوں میں فراہمی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ممکنہ قلت سے نمٹنے کے لیے GPA ڈی سیلینیشن پلانٹ اور مینگرز کے ذریعے ہنگامی فراہمی کے انتظامات بھی زیر غور آئے۔ اجلاس میں گوادر کے لیے مجوزہ 2 ملین گیلن یومیہ (MGD2) ڈی سیلینیشن پلانٹ کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے متعلقہ حکام کو منصوبے کی تکنیکی وانتظامی تیاریوں کو تیز کرنے اور اسے عملی شکل دینے کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ گوادر کی مستقبل کی آبی ضروریات پوری کرنے اور پانی کے ممکنہ بحران سے مستقل بنیادوں پر نمٹنے کے لیے سمندری پانی کو قابل استعمال بنانا ایک اہم اور قابل اعتماد ذریعہ ثابت ہوسکتا ہے۔

بقیہ اُستمان 56

ڈپٹی کوآرڈینیشن آفیسر بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس، ڈاکٹر عصمت اللہ خان، پرنسپل یونیورسٹی لا کالج، ڈاکٹر سلمیٰ نواز اور پی ایچ ڈی اسکالر سائمہ جمالی، طلبہ وطالبات اور سول سوسائٹی آرگنائزیشن کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس سیمینار کا بنیادی مقصد بلوچستان کی خواتین اور نوجوان لڑکیوں کو تعلیم، شعور اور مثبت سماجی سرگرمیوں کے ذریعے بااختیار بنانا، پرتشدد انتہاپسندی کے خلاف آگاہی کو فروغ دینا اور خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر کردار ادا کرنا ہے۔ ڈاکٹر عصمت اللہ خان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے خواتین کی تعلیم، معاشرتی ترقی اور فیصلہ سازی کے عمل میں ان کی مؤثر شمولیت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

بقیہ اُستمان 57

اور انکم ٹیکس اپیلوں کی سماعت اب ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ہوگی۔ اس حوالے سے بتایا گیا ہے کہ انکم ٹیکس اپیلیں ایف بی آر کے ای پورٹل کے ذریعے دائر کی جائیں گی، اپیلوں کی تقسیم خودکار، رینڈم اور متحرک نظام کے تحت ہوگی اور اپیل سننے والے کمشنر اپیلز کی شناخت خفیہ رکھی جائے گی۔

بقیہ اُستمان 58

ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا، اسی طرح سبی اور نوکنڈی میں کم سے کم درجہ حرارت گیارہ، ساحلی شہر گوادر میں پندرہ جبکہ جیوانی اور تربت میں سولہ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ اُستمان 59

ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ان کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد ضلعی انتظامیہ اور عوام کے مابین براہ راست رابطے کو مضبوط بنانا اور علاقائی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کھلی کچہریوں میں تمام متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹس بشمول تعلیم، صحت، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، آبپاشی، زراعت، جنگلات، بلدیات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ضلعی سربراہان کی موقع پر حاضری کو لازمی قرار دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کی اجتماعی و انفرادی شکایات پر فوری احکامات جاری کیے جاسکیں۔ فلائٹ لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) خالد شمس نے مزید کہا کہ متعلقہ آفسران کو عوامی درخواستوں پر مقررہ وقت کے اندر عملدرآمد کی رپورٹ پیش کرنے کی سخت ہدایات جاری کی گئی ہیں، تاہم اس معاملے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ضلع کے عوامی، سماجی اور قبائلی حلقوں کے تعاون کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلعی انتظامیہ اور عوام کے باہمی اعتماد سے ضلع برشور میں پائیدار ترقی، امن وامان اور خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا، اور عوامی فلاح و بہبود کے اس مشن کو مستقبل میں بھی اسی جذبے اور تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ اُستمان 60

مرحوم ملازمین کے بچوں میں مختلف عہدوں پر بھرتی کے آرڈرز تقسیم کئے گئے۔ نئے بھرتی ہونے والے ملازمین کے والدین دوران ملازمت حادثاتی اور طبعی اموات کے باعث وفات پا گئے تھے جنکے بچوں کو کیسکو میں ملازمت کے تقرر نامے دیئے گئے۔

بقیہ اُستمان 61

ئی، صدام خان اور انجینئر ظفر مری بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران متعلقہ افسران نے جاری منصوبوں کے مختلف مراحل، تعمیراتی سرگرمیوں اور اب تک ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے انہیں بریفنگ دی۔ ایکسین سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ضلع کی تعمیر وترقی کے لیے جاری منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل ہماری اولین ترجیح ہے۔ تمام ترقیاتی کاموں میں تعمیراتی معیار، شفافیت اور مقررہ تکنیکی معیاروں کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ عوامی فنڈز کا درست استعمال ہو اور ان منصوبوں کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران اور ٹھیکیداروں کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور تمام کام مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں، تاکہ ضلع کوہلو میں ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر اور تیز رفتار بنایا جاسکے۔

بقیہ اُستمان 62

شعبے کی ترقی کے لیے ترجیحی بنیادوں پر بھرپور اقدامات کر رہی ہے، قیمتی پتھروں کی شناخت اور سرٹیفکیشن کے لیے بین الاقوامی معیار کی لیبارٹریز کا قیام یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ کے لیے پاکستانی ماسٹر ٹرینرز کو سری لنکا اور تھائی لینڈ تربیت کے لیے بھیجا جائے، سیکرٹری خارجہ متعلقہ ممالک میں پاکستانی سفیروں کو اس حوالے سے مکمل تعاون فراہم کرنے کی ہدایت کریں۔ یہ بھی پڑھیں: ہر دوائی کی تصدیق ممکن، وزیراعظم نے ''محفوظ دوا'' ایپلی کیشن کا اجرا کردیا شہباز شریف نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو قیمتی پتھروں کے ذخائر کی دولت سے مالا مال کیا ہے، تاہم کان کنی کے فرسودہ طریقہ کار کے باعث اس بیش قیمت دولت کا ضیاع ہو رہا ہے۔

بقیہ اُستمان 63

پسند تنظیم داعش کا رکن ہونے کا الزام تھا۔ عراقی عدالت مجموعی طور پر 20 فرانسیسی شہریوں کے مقدمات کی سماعت کر رہی ہے، تاہم باقی 10 ملزمان کے خلاف فیصلہ بعد کی تاریخ تک مؤخر کر دیا گیا ہے۔ یہ مقدمات ان غیر ملکی جنگجوؤں سے متعلق ہیں جن پر عراق اور شام میں داعش کی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔

بقیہ اُستمان 64

یوسفزئی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف نئے صوبوں کی مخالف نہیں، حکومتی ڈرافٹ آنے تک نئے صوبوں اور 28 ویں ترمیم پر بات نہیں ہوگی، کوئی بھی فیصلہ حکومتی ڈرافٹ دیکھ کر ہی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ 26 نومبر کے واقعے کی عدالتی تحقیقات ہونی چاہئیں، امن کے قیام کے لیے نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کیا جائے۔

بقیہ اُستمان 65

جائے گی۔ امتحانی انتظامات، طلبہ و طالبات کی حاضری، امتحانی عملے کی کارکردگی اور امتحانی ماحول کا جائزہ بھی لیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ امتحانات کے دوران نقل کی روک تھام، میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی بے ضابطگی کی اجازت نہ دی جائے۔

بقیہ اُستمان 66

میں خارجی تمیم عرف راف خیبری کے 3 ساتھی بھی ہلاک ہوگئے۔ سیکیورٹی فورسز کی علاقے میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے کارروائیاں جاری ہیں، حکام نے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کیخلاف کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم کا اعادہ کیا ہے۔

بقیہ اُستمان 67

کنکشن عدم ادائیگی پر منقطع جبکہ بجلی چوری اور غیر قانونی طریقے سے بجلی استعمال کرنے والے متعدد افراد پر جرمانے بھی عائد کر دیے گئے۔ ایکسین کیسکو آپریشن نصیرآباد عبدالحمید مگسی نے ایس ڈی او کیسکو ڈیرہ مراد جمالی اسد رند ایل ایس عبدالکریم جاگیرانی اور دیگر متعلقہ عملے کے ہمراہ ڈیرہ مراد جمالی کے مین بازار سمیت مختلف علاقوں میں نادہندگان اور بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف جاری کارروائیوں کی نگرانی کی اس موقع پر کیسکو ٹیم نے مختلف دکانوں اور کاروباری مراکز کا دورہ کر کے بجلی کے بلوں کی جانچ پڑتال کی اور صارفین کے ذمہ واجب الادا بقایاجات کی تفصیلات کا جائزہ لیا جبکہ بجلی کے میٹروں کی ریڈنگ بھی چیک کی گئی

بقیہ اُستمان 68

مقصد طلبہ کو عربی حروف تہجی سے روشناس کرانا، حروف کی درست شناخت، تلفظ اور باہمی اتصال سے بامعنی الفاظ بنانے کی عملی تربیت دینا تھا۔ اس سرگرمی کو اسکول کے فوکل پرسن حیدر علی، محمد اکبر اور عبداللطیف نے بھرپور محنت اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ طلبہ کو سکھایا۔ سرگرمی کے دوران طلبہ کو بتایا گیا کہ عربی حروف اپنی مخصوص آوازوں، شکلوں اور تحریری ساخت کی وجہ سے منفرد حیثیت رکھتے ہیں۔ بعض حروف لفظ کے آغاز، درمیان اور آخر میں اپنی شکل تبدیل کر لیتے ہیں، اس لیے ان کی مختلف شکلوں کو سمجھنا بھی ضروری ہے۔ اساتذہ نے بلیک بورڈ، چارٹس، رنگین تعلیمی مواد اور عملی مشقوں کی مدد سے طلبہ کو الف، ب، ت، ث، ج، ح، خ سمیت دیگر حروف کی پہچان اور درست ادائیگی سکھائی۔ طلبہ کو ہر حرف کی آواز دہرانے اور اس کا دوسرے حروف سے فرق سمجھنے کا موقع بھی دیا گیا۔ سرگرمی کا سب سے دلچسپ حصہ لفظ سازی تھا، جس میں طلبہ نے مختلف حروف کو آپس میں ملا کر آسان الفاظ بنانے کی مشق کی۔ اساتذہ نے کتاب، قلم، باب، نور، شمس اور قمر جیسی مثالوں سے الفاظ کی ساخت سمجھائی۔

بقیہ اُستمان 69

شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53 ویں برسی کے جلسہ عام کی تیاریوں کا حتمی جائزہ لیا گیا ہے۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری ریز جمال مندوخیل، بشیر کاکڑ ایڈووکیٹ، اقبال بےزئی، نعمت کاکڑ، ضلع کوئٹہ کے سینئر معاون سیکرٹری نصیر احمد کاکڑ اور دیگر ضلع ایگزیکٹیو وضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔

بقیہ اُستمان 70

شارگرم جبکہ تحصیل شاہرگ کا شمار سردترین علاقوں میں ہوتا ہے، جہاں سردیوں میں درجہ حرارت منفی 10 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر جاتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ محکمہ تعلیم بلوچستان نے نوٹیفکیشن جاری کرکے ضلع کے سرد علاقوں میں اسکولوں کی سردیوں کی چھٹیاں ختم کرکے انہیں گرم علاقوں میں شمار کیا ہے، جس کی وجہ سے تحصیل شاہرگ سمیت ضلع ہرنائی کے مختلف علاقوں کے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بیان کے مطابق سردی کی شدت کی وجہ سے ان علاقوں کے عوام اکثر نقل مکانی کرتے ہیں۔ سردیوں کی چھٹیاں ختم ہونے سے اسکول تو کھلے ہوں گے، لیکن حکومت کی جانب سے وہاں نہ تو بچے ہوں گے اور نہ ہی اساتذہ، کیونکہ ان علاقوں میں شدید سردی ہوتی ہے۔ مسلم لیگ ن ضلع ہرنائی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ، صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید درانی اور سیکرٹری تعلیم لعل جان جعفر سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع ہرنائی کے سرد علاقوں کو گرم علاقوں میں شامل کر کے سرد علاقوں کی چھٹیاں ختم کرنے کا نوٹیفکیشن فوری طور پر منسوخ کر کے سابقہ پوزیشن بحال کی جائے اور اساتذہ، طلبہ اور والدین کو اس شدید مشکل سے نجات دلائی جائے۔

CamScanner

ایم پی اے حاجی زاہد علی ریکی کی سیاسی مخالفین پر تنقید، بسیمہ میں کمیونٹی ہال کا افتتاح

کوئٹہ و اسلام آباد میں بیٹھ کر واشک کی سیاست کرنے والوں کا دور گزر چکا ہے، تمام تحصیلوں کو منصفانہ ترقیاتی حصہ ملے گا، خطاب

بسیمہ (آن لائن) واشک سے جمعیت علمائے اسلام کے منتخب رکن صوبائی اسمبلی حاجی زاہد علی ریکی نے سیاسی مخالفین کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ اور اسلام آباد میں بیٹھ کر ضلع واشک کی سیاست کرنے والوں کا دور اب گزر چکا ہے۔ عوام سے ہزاروں ووٹ حاصل کر کے اقتدار کے ایوانوں تک پہنچنے والے جب اپنے ہی ووٹرز کو بے یار و مددگار چھوڑ دیں اور عوامی مسائل سے لاتعلق ہو کر گرینڈ ٹاؤن اور ریگل پلازہ کے ڈرائنگ رومز تک محدود ہو جائیں تو انہیں عوامی نمائندگی کا دعویٰ کرنے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر37)

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی ایسٹ اور ویسٹ اضلاع کے ضلعی کوآرڈینیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نئے صوبوں کا معاملہ درست طریقے سے ہینڈل نہیں کیا گیا، رانا ثناء اللہ

موجودہ ہم آہنگی وزیر اعظم شہباز شریف اور سید عاصم منیر کی فہم و فراست، حب الوطنی اور باہمی اعتماد کا مرہونِ منت ہے

نئے صوبوں کیلئے تمام سیاسی جماعتوں، صوبائی نمائندوں اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے درمیان اتفاق رائے پیدا کرنا ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام ایک اہم آئینی اور سیاسی معاملہ ہے، جس پر بحث اور فیصلے کا اصل فورم پارلیمنٹ ہے، اس معاملے کو کسی غیر پارلیمانی فورم پر اٹھانا مناسب نہیں تھا، موجودہ ہم آہنگی اور سیم پیج وزیر اعظم شہباز شریف اور سید عاصم منیر کی فہم و فراست، حب الوطنی اور باہمی اعتماد کا مرہونِ منت ہے، جس میں مجھ سمیت کسی اور کا کوئی عمل دخل نہیں جب کہ نواز شریف کی نا صرف اس ہم آہنگی کو مکمل تائید حاصل ہے بلکہ ان کے اور سید عاصم منیر کے درمیان باہمی احترام کا مضبوط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر9)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء، مشیران و اراکین اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعظم کا قاہرہ میں آتشزدگی کے المناک واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے قاہرہ میں آئل ٹینکر میں آتشزدگی کے المناک واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو ایکس پر جاری بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان کے عوام اور حکومت کی جانب سے صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر38)

اسحاق ڈار کا قاہرہ میں آئل ٹینکر آتشزدگی کے واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مصر کے دارالحکومت قاہرہ کے قریب آئل ٹینکر میں آتشزدگی کے افسوسناک واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر39)

صدر زرداری آج لاہور پہنچیں گے، چودھری شجاعت سے ملاقات طے

اسلام آباد (جی این ایم) ملکی سیاسی منظرنامے میں ایک اہم پیش رفت، صدر مملکت آصف علی زرداری نے آج (جمعہ کو) ہنگامی طور پر لاہور پہنچنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق صدر آصف علی زرداری اپنے دو روزہ دورہ لاہور کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر41)

جے یو آئی بلوچستان کی جانب سے گرفتاریوں اور حکومتی اقدامات کے خلاف فوری احتجاجی دھرنوں کا اعلان

کارکنان بین الاضلاعی و بین الصوبائی قومی شاہراہوں پر پرامن دھرنے دے کر ٹریفک معطل کریں، ترجمان دلاور خان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ نے اپنے ہنگامی بیان میں کہا ہے کہ مرکزی جماعتی فیصلے اور صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی ہدایت کے مطابق وفاق اور پنجاب حکومت کی جانب سے جمعیت علما اسلام کے کارکنوں کی گرفتاریوں، قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن کو حصار میں لینے، مرکزی سیکرٹری جنرل حضرت مولانا مولانا عبدالغفور حیدری امیر پنجاب مولانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر40)

گڈانی میں جیٹی ناکارہ ہونے سے ماہیگیروں کی مشکلات میں اضافہ، کشتیاں کھلے سمندر میں غیر محفوظ

تیز ہواؤں اور سمندری موجوں کے باعث کشتیوں کو نقصان کا خدشہ، ماہیگیروں کا جیٹی کی بحالی کا فوری مطالبہ

گڈانی (آن لائن) گڈانی ساحل پر بنی جیٹی کے ناکارہ ہونے کے باعث مقامی ماہیگیروں کی مشکلات میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اور ان کی چھوٹی بڑی کشتیاں کھلے سمندر میں غیر محفوظ حالت میں لنگر انداز کرنے پر مجبور ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سمندر میں طویل جدوجہد، لہروں اور موسم کی سختیوں کا سامنا کر کے ساحل پر پہنچنے کے باوجود ماہیگیروں کو سکون میسر نہیں آتا کیونکہ جیٹی کی عدم دستیابی کے سبب انہیں دن رات اپنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر42)

گوادر اور کراچی کو وفاق کے ماتحت لانے کی تجویز مسترد، صوبائی خودمختاری پر حملہ قرار

گوادر بلوچستان اور کراچی سندھ کا حصہ ہے، عوام کی مرضی کے بغیر فیصلہ قابل قبول نہیں، عبدالروف مینگل

خضدار (آن لائن) سابق رکنِ قومی اسمبلی اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما و ممبر مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی میر عبدالروف مینگل نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہا ہے کہ گوادر اور کراچی کو وفاق کے ماتحت لانے سے متعلق سامنے آنے والی تجویز کی ہم شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ یہ محض انتظامی تبدیلی کی بات نہیں بلکہ صوبائی خودمختاری، عوامی اختیار اور آئینی حقوق کے لیے ایک خطرناک سوچ کی عکاسی کرتی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر43)

مسلم لیگ (ن) ضلع ہرنائی کا سرد علاقوں کو گرم زون میں شامل کرنے کا نوٹیفکیشن مسترد

تحصیل شاہرگ میں درجہ حرارت منفی 10 ڈگری تک گرتا ہے، سردیوں کی چھٹیوں کی بحالی کا مطالبہ، بیان

ہرنائی (آن لائن) مسلم لیگ ن ضلع ہرنائی نے محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب سے ضلع ہرنائی کے سرد علاقوں کو گرم علاقوں میں شامل کرنے کا نوٹیفکیشن مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع ہرنائی کی دو تحصیلیں ہیں، ہرنائی اور شاہرگ۔ تحصیل ہرنائی کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر70)

تحصیل کچلاغ کانفرنس 27 نومبر کو منعقد ہوگی، کارکن بھرپور تیاری کرے، ملک نادر کاکڑ

کچلاغ تحصیل کا اجلاس، سید شراف آغا، کبیر افغان و دیگر صوبائی و ضلعی رہنماں کی شرکت، جلسہ کی بھرپور تیاری کی ہدایت

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل کچلاغ کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں تحصیل سیکرٹری ملک نادر کاکڑ کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی 27 نومبر تحصیل کچلاغ کانفرنس اور 2 دسمبر کو خان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر69)

گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں عربی حروف اور لفظ سازی سے متعلق تعلیمی سرگرمی کا انعقاد

طلبہ کو حروف کی درست شناخت، تلفظ اور بامعنی الفاظ بنانے کی عملی مشق کرائی گئی، سرگرمی پر مبنی تدریس کو سراہا گیا

اوتھل (آن لائن) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں طلبہ کی دینی، لسانی اور تعلیمی استعداد کو بہتر بنانے کے لیے عربی حروف اور لفظ سازی کے عنوان سے ایک دلچسپ اور بامقصد تعلیمی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا۔ سرگرمی کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر68)

ڈیرہ مراد جمالی میں کیسکو کا نادہندگان اور بجلی چوری کے خلاف آپریشن، متعدد کنکشن منقطع، جرمانے عائد

ایکسین عبدالحمید گچکی کی نگرانی میں مین بازار و دیگر علاقوں میں میٹروں اور میٹر ریڈنگ کی جانچ، بقایاجات کی فوری ادائیگی پر زور

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) کیسکو نصیر آباد کی جانب سے نادہندگان اور بجلی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف گرینڈ آپریشن، متعدد صارفین کے بجلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر67)

کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

نئے صوبے وقت کی ضرورت، جنوبی پنجاب کو الگ صوبہ بنایا جائے، تحریک انصاف

جنوبی پنجاب کیلئے این ایف سی ایوارڈ میں صوبائی حصے اور آبادی کے تناسب سے وسائل کی فراہمی کا معاملہ بھی اہم ہے

نئے صوبوں کے حوالے سے پاکستان تحریک انصاف کا کوئی حتمی فیصلہ عمران خان کی مشاورت اور حمایت کے بغیر نہیں ہوگا

لاہور (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے قومی اسمبلی میں چیف وہپ عامر ڈوگر نے کہا ہے کہ نئے صوبے وقت کی ضرورت ہیں اور اگر نئے صوبے بنانے والے طاقتور حلقے مخلص ہیں تو سب سے پہلے جنوبی پنجاب کو الگ صوبہ بنایا جانا چاہیے، جنوبی پنجاب صوبے کے قیام پر پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں کا اتفاق ہے اور آئینی طریق کار کے مطابق اس حوالے سے تمام ضروری مراحل طے کیے جا چکے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ 2018 میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت قائم ہونے کے بعد عمران خان نے جنوبی پنجاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر11)

سیکیورٹی فورسز کا کامیاب آپریشن، خارجی کمانڈر ساتھیوں سمیت ہلاک

باڑہ (آن لائن) باڑہ میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن میں خارجی کمانڈر خمیم ساتھیوں سمیت ہلاک ہوگیا۔ خارجی خمیم نے باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حملے کی دھمکی آمیز ویڈیو پوسٹ کی تھی، مطلوب خارجی خمیم دہشتگردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھا۔ فورسز کی کارروائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر66)

قومی حکومت کی تجویز مسترد کرتے ہیں: شوکت یوسفزئی

پشاور (آن لائن) پاکستان تحریکِ انصاف خیبر پختونخوا کے سیکریٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ قومی حکومت کی تجویز کو مسترد کرتے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ حکومت سے کوئی ڈیل نہیں ہوگی، مفاہمت اور قومی مکالمے کی ضرورت پہلے سے زیادہ ہے۔ شوکت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر64)

عراق میں داعش کی رکنیت کے الزام میں آٹھ فرانسیسی شہریوں کو عمر قید کی سزا

بغداد (آن لائن) عراق کی ایک عدالت نے داعش سے تعلق اور اس کی رکنیت کے الزام میں آٹھ فرانسیسی شہریوں کو عمر قید کی سزا سنا دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جمعرات کو سنائے گئے فیصلے میں دو دیگر فرانسیسی شہریوں کو 15، 15 سال قید کی سزائیں دی گئیں۔ ان تمام افراد پر شدت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر63)

قیمتی پتھروں کی شناخت کے لیے عالمی معیار کی لیبارٹریز قائم کی جائیں، وزیر اعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پاکستان میں قیمتی پتھروں کی ویلیو چین بہتر بنانے، شعبے کی ترقی اور برآمدات میں اضافے کے لیے جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان میں قیمتی پتھروں کی کان کنی، ویلیو ایڈیشن اور برآمدات کے حوالے سے وسیع استعداد موجود ہے، حکومت اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر62)

پاکستان مذہبی رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کا عملی مظہر ہے، عطا تارڑ

عطا اللہ تارڑ سے سکھ یاتریوں کے وفد کی ملاقات، سکھ یاتریوں نے اسلام آباد کی خوبصورتی، پاکستانی عوام کی محبت کو سراہا

دامن کوہ ایک انتہائی دلکش مقام ہے، جہاں سے وفاقی دارالحکومت کا خوبصورت منظر دیکھنے کو ملتا ہے، سکھ یاتری نہال ہو گئے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں مذہبی سیاحت، بین المذاہب ہم آہنگی اور مہمان نوازی کی خوبصورت روایت کو اجاگر کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے بابا گرو نانک کے جنم دن کی تقریبات میں شرکت کے لیے پاکستان آنے والے سکھ یاتریوں کے وفد کا اسلام آباد کے سیاحتی مقام دامن کوہ میں پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر وزیر اطلاعات نے سکھ یاتریوں سے پنجابی زبان میں بے تکلفانہ گفتگو کی، جس سے ملاقات کا ماحول خوشگوار اور دوستانہ ہوگیا۔ سکھ یاتریوں نے پاکستان کی مہمان نوازی، عوام کے خلوص اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر10)

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی اور مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی تبادلہ خیال کر رہی ہیں

اسسٹنٹ کمشنر کوہلو سمیع الحق کا مختلف اسکولوں کا دورہ، جماعت ہشتم کے امتحانات کا جائزہ

امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام، میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے: اسسٹنٹ کمشنر

کوہلو (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سمیع الحق نے بوائز ہائی سکول کوہلو، گرلز ہائی سکول کوہلو اور گورنمنٹ بوائز ہائی سکول آزاد شہر سمیت ضلع کے مختلف اسکولز کا دورہ کیا، جماعت ہشتم کے جاری امتحانات اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام کے لیے سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ امتحانات میں کسی قسم کی نقل برداشت نہیں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر65)

مولانا فضل الرحمان کی کال پر دالبندین میں پاک ایران شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند

جے یو آئی چاغی کے نائب امیر حافظ حسین احمد کی سربراہی میں مشرقی بائی پاس پر احتجاج، گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں

دالبندین (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی کال پر ضلع چاغی میں جے یو آئی کے ضلعی نائب امیر حافظ حسین احمد کی سربراہی میں کارکنوں نے دالبندین مشرقی بائی پاس کے مقام پر پاک ایران شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر دیا۔ شاہراہ کی بندش کے باعث پاک ایران روٹ پر چلنے والی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، جبکہ جے یو آئی کے کارکنوں کی بڑی تعداد موقع پر موجود رہی۔ جے یو آئی چاغی کے ترجمان کے مطابق شاہراہ کو مولانا فضل الرحمان کی کال پر بلاک کیا گیا ہے۔

ایکسین سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری کا کوہلو میں زیر تعمیر سڑکوں اور ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ مدت اور اعلیٰ معیار کے مطابق تکمیل اولین ترجیح ہے: انجینئر محبت مری

کوہلو (خ ن) ایگزیکٹو انجینئر سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی وژن کے مطابق دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں ضلع کوہلو میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے صوبائی حکومت و پی ایس ڈی پی کے تحت زیر تعمیر سڑکوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا اور کام کی رفتار، معیار اور مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا ہے۔ اس موقع ایس ڈی او صادق بگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر61)

دوران ملازمت وفات پانے والے کیسکو کے 7 ملازمین کے بچوں میں بھرتی کے آرڈرز تقسیم

سی ای او کیسکو انجینئر میر مجیب الرحمن مری کی زیر صدارت ایمپلائز یونین کوئٹہ تقرریوں کی تقریب منعقد

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر میر مجیب الرحمن مری کی زیر صدارت ایمپلائز یونین کوئٹہ کے تحت دوران سروس وفات پانے والے کیسکو ملازمین کے بچوں کو ملازمت دینے کی تقریب کیسکو ہیڈکوارٹر میں منعقد ہوئی۔ جس میں چیف انجینئر (کسٹمر سروسز) سید مظاہر حسین شاہ مشہدی، چیف انجینئر (او اینڈ ایم) محمد نظام اچکزئی سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مجیب الرحمن مری اور دیگر افسران نے کمپنی کے 7 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر60)

کوئٹہ، آئی ڈی او کے زیر اہتمام اور یو این ایچ سی آر کے تعاون سے گرینڈ ہینڈی کرافٹ کی نمائش کے موقع پر خواتین اسٹالوں مختلف اشیاء خرید رہی ہیں

ریاستی طاقت کے ذریعے خوفزدہ کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں، مولانا واسع

مولانا عبدالغفور حیدری اور جے یو آئی قائدین و کارکنوں کی گرفتاریاں قابلِ مذمت ہیں، فوری رہا کیا جائے، آغا محمود شاہ

سیاسی قیادت کو گرفتار کر کے اختلافِ رائے کی آواز دبانا عدم برداشت اور جمہوری اقدار سے انحراف ہے، رہنماؤں کا بیان

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی جنرل سیکرٹری آغا محمود شاہ نے رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری، امیر جمعیت علما اسلام پنجاب مولانا امجد خان اور مرکزی صدر جے ٹی آئی ملک اولیس سمیت دیگر رہنماں اور کارکنوں کی پنجاب پولیس کے ہاتھوں گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی قیادت کو گرفتار کر کے اختلاف رائے کی آواز دبانے کی کوشش حکمرانوں کی سیاسی کمزوری، عدم برداشت اور جمہوری اقدار سے انحراف کا واضح ثبوت ہے، منتخب نمائندوں اور سیاسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر13)

نوشکی بار ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل، ایڈووکیٹ میر عاقل خان بادینی بلا مقابلہ صدر منتخب

عبدالمالک بلوچ نائب صدر اور سراج احمد مینگل جنرل سیکرٹری منتخب، بار اور بینچ کے باہمی تعاون سے وکلا مسائل حل کریں گے، نومنتخب صدر

نوشکی (آن لائن) نوشکی بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کا مرحلہ مکمل ہو گئے جس کے دوران سینئر وکلا کی باہمی مشاورت اور اتفاقِ رائے سے ایڈووکیٹ میر عاقل خان بادینی کو بلا مقابلہ صدر منتخب کر لیا گیا، جبکہ دیگر عہدیداران کا بھی بلا مقابلہ انتخاب عمل میں لایا گیا۔ اس سلسلے میں نوشکی بار ایسوسی ایشن کا ایک اہم اجلاس بار روم میں منعقد ہوا، جس میں وکلا نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران باہمی مشاورت اور اتفاق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر45)

ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی زیر صدارت انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں کا جائزہ اجلاس

پانچ سال تک کی عمر کے ہر بچے کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانا قومی ذمہ داری ہے، کوئی بچہ محروم نہ رہے، ڈپٹی کمشنر کی ہدایات

کوہلو (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی زیر صدارت انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں، انتظامات اور مؤثر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شیر زمان مری، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر اصغر مری، سپرنٹنڈنٹ آف پولیس طیب اقبال، اسسٹنٹ کمشنر سمیع الحق کاکڑ، ڈبلیو ایچ او اور پولیو پروگرام کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر46)

کوئٹہ، صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ اپنے دفتر میں سیکرٹری کے ساتھ دفتری امور پر تبادلہ خیال کر رہی ہیں

زاہد سلیم کی مقامی عمائدین و صحافیوں سے کھلی نشست

گوادر میں صحت، تعلیم، آبنوشی اور دیگر بنیادی سہولیات کے مسائل کے حل کے لیے اقدامات کی یقین دہانی

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات اور صوبائی حکومت کے عوام دوست ترقیاتی وژن کے تحت ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی میزبانی میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات بلوچستان زاہد سلیم کی قیادت میں اعلیٰ سطحی صوبائی وفد نے ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس روم میں مقامی عمائدین، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور صحافیوں کے ساتھ کھلی نشست کی۔ اس موقع پر ضلع گوادر کو درپیش عوامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر49)

برشور کھلی کچہری کا انعقاد، عوامی مسائل کے ترجیحی حل کی ہدایت

کھلی کچہریوں میں تمام متعلقہ محکموں کے ضلعی سربراہان کی حاضری لازمی قرار دی گئی ہے: خالد شمس

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) خالد شمس نے کہا ہے کہ حکومتِ بلوچستان کی پالیسیوں اور گڈ گورننس کے وژن کے عین مطابق ضلع بھر میں عوامی شکایات کے فوری ازالے اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر سرکاری خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری رہیگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے منعقدہ کھلی کچہری میں آفسران اور سائلین سے گفتگو کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر59)

کوئٹہ، صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں سرد رہنے کا امکان

سب سے کم درجہ حرارت قلات میں تین اور کوئٹہ میں چار ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ شمالی اضلاع میں سرد رہنے کا امکان ہے، جہاں گزشتہ روز سب سے کم درجہ حرارت قلات میں تین جبکہ کوئٹہ میں چار ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق زیارت اور چمن میں کم سے کم درجہ حرارت چھ، ژوب اور خضدار میں سات جبکہ دالبندین میں آٹھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر58)

امریکی ایئرپورٹ پر طیارہ رن وے سے آگے نکل گیا، پروازیں معطل

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا میں تھینکس گیونگ کی تعطیلات سے پہلے فضائی سفر کا رش بڑھنے کے دوران میامی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ایک کارگو طیارے کے رن وے سے آگے نکل جانے کے باعث پروازوں کا آپریشن متاثر ہوگیا۔ امریکی فیڈرل ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن نے واقعے کے بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر44)

سونے کی قیمت میں ایک روزہ وقفے کے بعد دوبارہ اضافہ

کراچی (آن لائن) عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے اور چاندی کی قیمتوں میں دوبارہ اضافہ ہو گیا ہے۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 47 ڈالر کے اضافے سے 3 ہزار 561 ڈالر کی سطح پر آ گئی۔ عالمی مارکیٹ اضافے کے سبب مقامی صرافہ مارکیٹ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر47)

صنعتی پالیسی کی توجہ قابل پیمائش صلاحیتوں پر مرکوز ہونی چاہیے، سی اے ایس ایس

پاکستان اپنی صنعتی بنیاد کو محض اسمبلی سے آگے بڑھا کر گہری مینوفیکچرنگ، مقامی سطح پر پرزہ جات کی تیاری تک لے جایا جائے

پاکستان کی مینوفیکچرنگ اور انجینئرنگ صنعت میں لوکلائزیشن کی حقیقی گہرائی کی پیمائش" کے عنوان سے ایک سیمینار کا انعقاد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (کیس)، لاہور نے "اسمبلی یا مینوفیکچرنگ؟ پاکستان کی مینوفیکچرنگ اور انجینئرنگ صنعت میں لوکلائزیشن کی حقیقی گہرائی کی پیمائش" کے عنوان سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ اس سیمینار میں ماہرینِ تعلیم، دانشوروں اور کاروباری شخصیات نے ان شعبوں میں مقامی پیداوار سازی کی گہرائی اور حقیقی نوعیت کا جائزہ لیا اور پاکستان کی صنعت کو درپیش مواقع اور چیلنجز پر اپنی آراء کا تبادلہ کیا۔ کیس لاہور کے ڈائریکٹر اکانومی ڈاکٹر شاہد رزاق نے افتتاحی کلمات پیش کیے۔ ٹیکنو گروپ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر14)

یوکرین جنگ میں مزید کشیدگی سے گریز کیا جائے: ٹرمپ اور نیٹو سربراہ کا روس کو انتباہ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور نیٹو کے سیکرٹری جنرل مارک روٹے نے روس پر زور دیا ہے کہ وہ یوکرین میں جنگ کو مزید وسعت دینے والے اقدامات سے باز رہے۔ بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر48)

بارکھان میں ڈی سی سی اور ڈی آئی سی سی کے اجلاس

ضلع میں امن و امان، سیکیورٹی اور بین الادارہ جاتی رابطوں کو مضبوط بنانے کی ہدایت: سعید الرحمن

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) اور ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی (DICC) کے الگ الگ اجلاس منعقد ہوئے، جن میں ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاسوں میں ضلع بارکھان کی مجموعی صورتحال، امن و امان، سیکیورٹی انتظامات، بین الادارہ جاتی رابطوں اور مختلف انتظامی امور کا تفصیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر50)

پاکستان اپنے عوام کے تحفظ اور قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، شاہد رند

مختلف آپریشنز میں 12 دہشتگردوں کا خاتمہ سیکیورٹی فورسز کی موثر حکمت عملی، دہشتگردی کیخلاف غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے

دہشت گردی کے نیٹ ورکس اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف مؤثر کارروائیاں امن کے قیام کیلئے ناگزیر ہیں، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے نوشکی، سبی، پنجگور اور کیچ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چار اضلاع میں مختلف آپریشنز کے دوران 12 دہشت گردوں کا خاتمہ سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، مؤثر حکمت عملی اور دہشت گردی کے خلاف غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے۔ ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ 20 سے 23 نومبر کے دوران بلوچستان کے مختلف علاقوں میں کی جانے والی کارروائیوں میں فتنہ الہندوستان سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر12)

ایف بی آر کا انکم ٹیکس اپیلوں کے لیے فیس لیس نظام متعارف کرانے کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انکم ٹیکس اپیلوں کے لیے فیس لیس نظام متعارف کرانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ایف بی آر نے انکم ٹیکس رولز 2002 میں نئی ترامیم جاری کر دی ہیں، جس کے تحت اپیلز ونگ کے قیام اور فیس لیس اپیلز کے لیے نیا باب شامل کر دیا گیا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر57)

یونیورسٹی لا کالج کوئٹہ میں صنفی بنیادوں پر تشدد کے خلاف سیمینار

مساوی مواقع فراہم کر کے تشدد سے پاک اور پرامن معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے: مقررین

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم، حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام صنفی بنیادوں پر تشدد کے خلاف سولہ روزہ مہم کے سلسلے میں "دخترانِ بلوچستان کی تعلیم و استعداد کار میں اضافے کے ذریعے تشدد سے پاک معاشرے کا قیام" کے موضوع پر یونیورسٹی لا کالج کوئٹہ میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ چیف کوآرڈینیشن آفیسر بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر56)

انڈونیشیا کی غیر قانونی سونے کی کان میں سیلاب، 13 کان کن ہلاک، 13 تاحال لاپتہ

جکارتہ (جی این ایم) انڈونیشیا کے صوبے مغربی جاوا میں سونے کی غیر قانونی کان میں شدید بارشوں کے باعث سیلاب داخل ہو گیا، جس کے نتیجے میں کم از کم 13 کان کن ہلاک جبکہ مزید 13 زیر زمین پھنس گئے۔ لاپتا کان کنوں کی تلاش کے لیے امدادی کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر54)

گوادر میں پانی کی صورتحال اور ڈی سیلینیشن پلانٹ پر اجلاس

سوڈ ڈیم میں پانی کی کمی کے خدشے کے پیش نظر ہنگامی فراہمی اور 2 ایم جی ڈی ڈی سیلینیشن پلانٹ کا جائزہ

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی انیس طارق گورگیج کی زیرِ صدارت اجلاس میں گوادر میں پانی کی موجودہ صورتحال، مستقبل میں ممکنہ قلت اور نئے آبی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ اور اسسٹنٹ انجینئر کہبر کلمتی شریک تھے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل کو شادی کور اور سوڈ ڈیم سے پانی کی فراہمی، ٹرانسمیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر55)

پی ٹی آئی کی مشترکہ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں تلخ جملوں کا تبادلہ

اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی کی مشترکہ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں تلخ جملوں کا تبادلہ، اندرونی اختلافات سامنے آ گئے ہیں، بانی سے ملاقات کرنے والوں کو منظور نظر کہنے پر اراکین نے اعتراض کیا، چار رکنی پارلیمانی کمیٹی کے قیام پر بھی اختلاف ہوا، نئے صوبوں کی حمایت اور سیاسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر53)

قائمقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے ایم پی اے زرک خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

صوبوں کی تقسیم اور ریفرنڈم کا فیصلہ عوام کا اختیار ہے، ملک احمد خان

وزیر اعظم کی ہدایت بھی آ چکی ہے ریفرنڈم کے موضوع پر مثبت انداز میں بات کی جا سکتی ہے

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم اور ریفرنڈم کے معاملے پر ان کا موقف واضح ہے، اصل اختیار عوام کے پاس ہے، تاہم اگر پارلیمان باہمی مشاورت سے صوبوں کے معاملے کا حل نکال لے تو یہ زیادہ بہتر ہوگا، تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر معاملات حل کرنے چاہئیں۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اسپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ ریفرنڈم کے حوالے سے آئین میں طریقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر52)

اسرائیل کی ایران کو نئی دھمکی، امریکا کے بغیر بھی حملہ کرنے کا اعلان

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیل نے دعویٰ کیا ہے کہ وہ امریکا کی فوجی مدد کے بغیر بھی کسی بھی وقت ایران پر حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور ضرورت پڑنے پر خود کارروائی کر سکتا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج کے ترجمان افی ڈیفرین نے کہا ہے کہ اسرائیل کسی بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر51)

CS CamScanner